

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
Member AKNS
www.dailydhartiajk.com
dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | بدھ 16 جولائی 2025ء، 20 محرم الحرام 1447 ، یکم ساون 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 83

راولاکوٹ عالمی سطح کے ''کشمیر میراتھن'' ایونٹ کی آفیشل لانچنگ ایونٹ 27 جولائی کو ہوگا

دوڑ کا آغاز دریک عیدگاہ گراؤنڈ سے ہوگا، پاکستان سمیت دیگر ممالک کے اتھلیٹس حصہ لیں گے، مختلف کیٹیگریز کے تحت روٹس تقسیم کیے گئے ہیں، تیاریوں کے حوالے سے سیکرٹری اسپورٹس کی صدارت میں اہم اجلاس

کشمیر میراتھن دوڑ کا مقصد صحت مندانہ سرگرمیوں کو فروغ دینا، منشیات کے خلاف آگاہی پیدا کرنا اور آزاد کشمیر کی خوبصورتی کو دنیا کے سامنے لاکر سیاحت کو فروغ دینا ہے، شہری بھرپور حصہ لیں، محترمہ تہذیب النساء

راولاکوٹ (دھرتی نیوز، پی آئی ڈی) آزاد کشمیر کے ضلع پونچھ کے صدر مقام راولاکوٹ میں ''کشمیر میراتھن دوڑ 2025 '' کا آغاز 27 جولائی 2025 کو ہوگا۔ ریس کا آغاز دریک عیدگاہ گراؤنڈ سے شروع ہوگا۔ اس دوڑ میں حصہ لینے والوں کے لیے مختلف کیٹگریز رکھی گئی ہیں ان کے تحت ہی روٹس کا تعین بھی کیا گیا ہے۔ فل اور ہاف میراتھن ریس چک، مجاہد، کھائی گلہ اور چھوٹا گلہ تک جا کر دوبارہ عیدگاہ گراؤنڈ پر اختتام پذیر ہوگی۔ اس حوالے سے منگل کو سیکرٹری سپورٹس یوتھ و کلچر آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر محترمہ تہذیب النساء نے راولاکوٹ کا دورہ کیا اور کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمن، ڈپٹی کمشنر عمر فاروق، ایس ایس پی ریاض مغل، ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس اور منتظمین ایونٹ کے ساتھ مشترکہ میٹنگ کی جس کے بعد میراتھن آرگنائزنگ کمیٹی کے ہمر(بقیہ 36 صفحہ 03)

راولاکوٹ: سیکرٹری سپورٹس یوتھ و کلچر آزاد حکومت محترمہ تہذیب النساء، کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمن، ڈپٹی کمشنر سردار عمر فاروق و دیگر کشمیر میراتھن بارے میٹنگ میں شریک ہیں

برطانیہ نے پاکستانی طلبہ کیلئے ''ای ویزا'' کے اجراء کا اعلان کر دیا

سہولت ان زیادہ تر طلبہ اور کارکنوں کے لیے ہے، جو 6 ماہ سے زیادہ عرصے کے لیے درخواست دے رہے ہیں

یہ تبدیلیاں ویزا کے عمل کو طلبہ اور کارکنوں کے لیے زیادہ آسان بنائیں گی، برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی تحریر

اسلام آباد (صباح نیوز) برطانیہ کی حکومت نے منگل کے روز پاکستانی طلبہ اور کارکنوں کے لیے ای-ویزا کے اجرا کا آغاز کیا ہے، جو کہ ایک بہتر سرحدی اور امیگریشن نظام کا حصہ ہے۔ یہ اعلان اس وقت سامنے آیا جب ایک دن قبل دونوں ممالک نے باضابطہ طور پر ٹریڈ ڈائیلاگ میکنزم معاہدے پر دستخط کیے اور یو کے-پاکستان بزنس ایڈوائزری کونسل کے قیام پر اتفاق کیا تاکہ دوطرفہ اقتصادی تعاون کو ادارہ جاتی شکل دی جا سکے۔ اسلام آباد میں (بقیہ 33 صفحہ 03)

اسلام آباد، جدید ڈرون ٹیکنالوجی سے ٹریفک کنٹرول ہوگی

بڑی شاہراہوں پر ٹریفک کی نگرانی کا نیا اور اسمارٹ نظام متعارف

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) نے جدید ڈرون ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے شہر کی بڑی شاہراہوں پر ٹریفک کی نگرانی کا نیا اور اسمارٹ نظام متعارف کروا دیا ہے۔ ابتدائی طور پر یہ نگرانی اسلام آباد ایکسپریس وے اور سری نگر ہائی وے پر کی جا رہی ہے، جس کے نتیجے میں اب تک 300 سے زائد ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے (بقیہ 35 صفحہ 03)

وفاقی وزیر داخلہ کی ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات

ایران کا جنگ کے دوران پاکستان کی مخلصانہ حمایت کا شکریہ ادا کیا

تہران (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تہران میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کی۔ پاکستانی وفد سے گفتگو میں ایرانی صدر نے کہا کہ صیہونی حکومت مسلمانوں کی صفوں کو کمزور اور تقسیم کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی دنیا کو صیہونی حکومت کا مقابلہ آپس میں اتحاد و یکجہتی سے کرنا چاہیے۔ ایرانی صدر نے 12 روزہ جنگ میں ایران کی حمایت کرنے (بقیہ 34 صفحہ 03)

کشمیر سمیت ملک بھر میں شدید بارش کی پیشنگوئی الرٹ جاری

17 جولائی تک ملک کے مختلف علاقوں میں متعلقہ محکمہ جات کو پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایات بھی جاری

کشمیر اور گلگت بلتستان میں بارش کے ساتھ لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ موجود، شہریوں کے لئے خصوصی ایڈوائزری

اسلام آباد، مظفرآباد (دھرتی نیوز، صباح نیوز) محکمہ موسمیات نے آج شدید بارشوں، طوفانی ہواؤں اور آندھی کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے 17 جولائی تک ملک کے مختلف علاقوں میں شدید بارشوں، طوفانی ہواؤں اور آندھی کی پیشگوئی کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ کراچی میں 16 جولائی تک گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ اسلام آباد اور راولپنڈی میں تیز ہواؤں کے ساتھ گرج چمک اور بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ مری، اٹک، چکوال اور گوجرانوالہ کے علاقوں میں بارش متوقع ہے۔ لاہور، سیالکوٹ اور فیصل آباد کے نشیبی علاقوں میں اربن فلڈنگ (بقیہ 37 صفحہ 03)

اسلام آباد: وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف سے انڈونیشیا کے وزیر دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) (سیافری سمسودین) و دیگر کی ملاقات

دہشتگردی کے خطرات، نئی پابندیاں عائد

میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ کی حدود میں واقع تمام سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں سیکورٹی سخت کرنے، سیکورٹی گارڈ تعینات کرنے، مین گیٹ بند رکھنے اور طلبہ کو احاطہ کے اندر محدود رکھنے کی ہدایات کی گئی ہے

کالج گراؤنڈ بھی مکمل بند، آئندہ دنوں میں آزاد کشمیر بھر کے تعلیمی اداروں سمیت جامعات کی سیکورٹی کے لیے نئی حکمت عملی کا اعلان کیا جائے گا، آئندہ ایک ماہ اہم ہے، مزید اقدامات کا امکان ہے، ذرائع

راولاکوٹ، مظفرآباد (دھرتی نیوز) دہشت گردی کی کسی نئے ممکنہ خطرے کے پیش نظر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پونچھ سردار عمر فاروق نے مقامی پولیس احکام کو ایک خط لکھا ہے جس میں میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ کی حدود میں واقع تمام سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں سیکورٹی سخت کرنے، سیکورٹی گارڈ تعینات کرنے، اداروں کے مین گیٹ بند رکھنے اور طلبہ کو تعلیمی اداروں کے احاطہ کے اندر محدود رکھنے کی ہدایات کی گئی ہے۔ خط میں پولیس کو ان تعلیمی اداروں میں خصوصی سیکورٹی انتظامات کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ خط کے متن کے مطابق گورنمنٹ حسین شہید پوسٹ گریجویٹ کالج کے پلے گراؤنڈ میں ہر طرح کے اجتماعات پر پابندی بھی عائد کر دی گئی ہے۔ ماضی میں راولاکوٹ میں چلنے والی جملہ احتجاجی تحریکوں کا گڑھ بھی یہی میدان رہا ہے اور یہی سے کسی بھی ریلی یا جلوس (بقیہ 42 صفحہ 03)

معاملات طے پاگئے، چینی کی قیمت 165 روپے کلو مقرر

صوبائی حکومتیں عوام کو سستی چینی کی دستیابی یقینی بنائیں گی، سرکلر جاری

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومت اور شوگر مالکان کے درمیان معاملات طے پاگئے، جس کے بعد چینی کی ایکس مل قیمت 165 روپے فی کلوگرام مقرر کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق حکومت اور شوگر مالکان کے درمیان معاملات طے پاگئے ہیں، جس کے تحت عوام کو ریلیف دیا جائے گا۔ وزارت غذائی تحفظ کے اس حوالے سے جاری بیان میں کہا ہے کہ شوگر ملوں کے ساتھ بات چیت کے نتیجے (بقیہ 45 صفحہ 03)

نادہندہ ایل ڈی آئی کمپنیز کیس، سماعت کا عمل مکمل

اسلام آباد (صباح نیوز) ایل ڈی آئی ٹیلی کام کمپنیوں سے 80 ارب بقایاجات کی وصولی اور لائسنس کی تجدید کے معاملے پر کوئی پیش رفت نہ ہوسکی، نادہندہ ایل ڈی آئی کمپنیوں (بقیہ 44 صفحہ 03)

تعلیم کا فروغ اولین ترجیح ہے، وزیراعظم پاکستان

دانش اسکولز اور یونیورسٹی کی تعمیر کے حوالے سے جائزہ اجلاس

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ دانش اسکولز میں اساتذہ کو بہترین ٹریننگ فراہم کیا جائے، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں دانش اسکولز کی تعمیر پر کام کو تیز کیا جائے۔ دانش اسکولز یونیورسٹی میں عالمی معیار کے جدید علوم کی تعلیم پر توجہ مرکوز کی جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک بھر میں دانش اسکولز اور اسلام آباد میں دانش اسکولز یونیورسٹی کی (بقیہ 43 صفحہ 03)

راولاکوٹ: سیکرٹری سپورٹس یوتھ و کلچر آزاد حکومت محترمہ تہذیب النساء، کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمن کو کشمیر میراتھن کے منتظمین شرٹ پیش کر رہے ہیں

موقع ملا تو ترقی کا سفر دوبارہ شروع کریں گے، عبدالخالق وصی

نواز شریف کا ویژن ریاست کے کونے کونے میں سڑکوں، اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور خوشحالی کی صورت نظر آتا ہے

آنے والے دنوں میں مسلم لیگ ن ریاستی سطح پر نئی قیادت، نیا حوصلہ، اور نیا عزم لے کر ابھرے گی، تقریب حلف برداری

تھوراڑ (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے سینئر رہنما اور سابق ممبر آزاد جموں و کشمیر کونسل سردار عبدالخالق وصی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن نے ریاست بھر میں ترقی کا جو سفر شروع کیا تھا، اسے جہاں چھوڑا تھا، وہیں سے ایک ایک اینٹ کا اضافہ کر کے دوبارہ تعمیر و ترقی کا سفر شروع کیا جائے گا۔ وہ سب ڈویژن تھوراڑ میں مسلم لیگ ن کی نو منتخب تنظیم کی حلف وفاداری کی پروقار تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کا ویژن ریاست جموں و کشمیر کے کونے کونے میں سڑکوں، اسپتالوں، تعلیمی اداروں اور خوشحالی کی صورت میں نظر آتا ہے اور آج بھی ریاستی عوام ان (بقیہ 46 صفحہ 03)

جسٹس خواجہ محمد نسیم نے قائم مقام چیف جسٹس کا حلف اٹھا لیا

حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ آزاد جموں و کشمیر کی لابی میں منعقد ہوئی، ججز، وکلاء حضرات کی شرکت

تقریب میں سیکرٹری قانون انصاف و پارلیمانی امور نے قائم مقام چیف جسٹس کی تقرری کا نوٹیفکیشن پڑھ کر سنایا

مظفرآباد (پی آئی ڈی) سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس خواجہ محمد نسیم نے قائم مقام چیف جسٹس سپریم کورٹ آزاد جموں و کشمیر کا حلف اٹھالیا۔ جج سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان نے ان سے حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ آزاد جموں و کشمیر کی لابی میں منعقد ہوئی جس میں چیف جسٹس ہائی کورٹ جسٹس سردار لیاقت حسین، جج ہائی کورٹ جسٹس سید شاہد بہار، سابق چیف جسٹس عدالت عالیہ جسٹس صداقت حسین راجہ، کسٹوڈین متروکہ املاک، سپریم کورٹ ہائی کورٹ بار کے سیکرٹری جنرل اور عہدیداران، بار کونسل کے عہدیداران، صدر و عہدیداران سنٹرل بار (بقیہ 38 صفحہ 03)

مظفرآباد: جسٹس رضا علی خان، سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس خواجہ محمد نسیم سے قائم مقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

اسحاق ڈار کی چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات

بیجنگ (صباح نیوز) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے گریٹ ہال میں دیگر ایس سی او وزرائے خارجہ کے ہمراہ چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی چینی صدر شی جن پنگ سے علاقائی امن پر گفتگو ہوئی۔ چینی صدر نے ایس سی او کے (بقیہ 39 صفحہ 03)

اوگرا نے ایل این جی کی قیمتوں میں کمی کر دی

اسلام آباد (صباح نیوز) اوگرا نے ماہ جولائی کیلئے درآمدی ایل این جی کی قیمتوں کا تعین کر دیا۔ ملک میں تیل اور گیس کی قیمتوں کا تعین کرنے والے ادارے آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے ماہ جولائی کیلئے درآمدی ایل (بقیہ 40 صفحہ 03)

ہر پسماندہ علاقہ بھی حکومتی توجہ کا مرکز ہے، مریم نواز شریف

ہر پسماندہ علاقہ بھی حکومتی توجہ کا مرکز ہے، مریم نواز شریف

لاہور (صباح نیوز) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پہلی مرتبہ پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں کا محور صرف لاہور یا بڑے شہر نہیں، بلکہ ہر پسماندہ علاقہ بھی حکومتی توجہ کا مرکز ہے، تاکہ یکساں ترقی ممکن ہو سکے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف سے اسپیکر پنجاب (بقیہ 41 صفحہ 03)

بہارہ کہو بائی پاس کی تعمیر کی مزید ادائیگی پر پابندی

تعمیر سے متعلق آڈٹ اعتراضات ذیلی کمیٹی کے سپرد کردیئے گئے

اسلام آباد (صباح نیوز) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نے وفاقی سیکرٹری منصوبہ بندی کی تیاری کے بغیر آنے پر سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ کمیٹی میں تیاری کر کے آیا کریں، اپنے اسٹاف سے بریفنگ لیا کریں۔ کمیٹی نے بہارہ کہو بائی پاس کی تعمیر سے متعلق آڈٹ اعتراضات ذیلی کمیٹی کے سپرد کردیئے (بقیہ 58 صفحہ 03)

پاکستان اور جاپان کے درمیان سکالرشپ پروگرام پر دستخط

ماسٹرز ڈگری کے لئے 16 وفاقی سروس کے ملازمین جاپان جائیں گے

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومت پاکستان اور جاپان کے درمیان ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ سکالرشپ پروگرام (جے ڈی ایس) 2025 کو مزید مؤثر بنانے کے لئے 379 ملین جاپانی ین (2.63 ملین ڈالر) کے گرانٹ معاہدے پر دستخط ہوگئے۔ معاہدے پر دستخط کی یہ خصوصی تقریب وزارت اقتصادی امور میں منعقد ہوئی۔ سیکرٹری اقتصادی امور ڈاکٹر کاظم نیاز اور جاپانی (بقیہ 57 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر میں یوم شہدا منانے پر مکمل پابندی عائد

مودی کے عزائم آشکار، شہداء کے قبرستان کا بھی سخت ترین محاصرہ

سری نگر (کے پی آئی) قابض مودی سرکار کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کو دبانے کی سازشوں میں مصروف ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں یوم شہدا منانے پر پابندی نے مودی کے عزائم آشکار کر دیئے۔ بھارتی نیوز ادارے این ڈی ٹی وی کے مطابق، سری نگر کے کئی علاقوں میں کرفیو نما پابندیاں نافذ کی گئیں، اور لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی انتظامیہ نے شہدا کے یادگاری پروگرام کی اجازت دینے سے صاف (بقیہ 47 صفحہ 03)

توہین مذہب کے مقدمات کی جانچ کے لیے کمیشن کی تشکیل کا حکم

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے توہین مذہب کے مقدمات کی مؤثر اور شفاف تحقیقات کے لیے وفاقی حکومت کو کمیشن تشکیل دینے کا حکم دے دیا، عدالت نے ہدایت کی ہے کہ کمیشن کی تشکیل 30 دن کے اندر (بقیہ 48 صفحہ 03)

ضلع کونسل باغ کا ترقیاتی بجٹ اکثریتی رائے سے منظور کر لیا گیا

سولہ کروڑ بیاسی لاکھ روپے سے زائد کے پیش کردہ بجٹ میں مختلف مدات میں آمدن و اخراجات کا تفصیلی ذکر

بجٹ بحث کے بعد ممبران ضلع کونسل نے اکثریتی رائے سے بجٹ پاس کیا جبکہ بجٹ کی مخالفت میں صرف ایک ووٹ آیا

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع کونسل باغ کا بجٹ اجلاس برائے مالی سال 2025.26 ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوا۔ ضلع کونسل باغ کا سولہ کروڑ بیاسی لاکھ روپے سے زائد کا بجٹ پیش کیا گیا جس کی مختلف مدات میں آمدن و اخراجات کا تفصیلی ذکر تھا۔ اجلاس کی صدارت سردار محمد آصف خان چیئرمین ضلع کونسل باغ نے کی جبکہ 18 ممبران ضلع کونسل نے اجلاس میں شرکت کی۔ ممبران ضلع کونسل نے بجٹ پر تفصیلی اظہار خیال کیا اور اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔ بجٹ بحث کے بعد ممبران ضلع کونسل نے اکثریتی رائے سے بجٹ پاس کیا جبکہ بجٹ کی مخالفت میں صرف ایک ووٹ آیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے (بقیہ 59 صفحہ 03)

مظفرآباد: چیف سیکرٹری آزاد کشمیر خوشحال خان توانائی و آبی وسائل بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آل ایمپلائز کنفیڈریشن کا مسائل حل کیلئے جدوجہد تیز کرنے کا عزم

طے شدہ معاملات جو ایگریمنٹ کی صورت ہوا تھا کو فوری یکسو کیا جائے اور ایل پی کو فوری طور پر بحال کیا جائے

ملازمین پی ڈی اے کی تنخواہوں کا فوری اہتمام، ادارہ کو مستحکم کیا جائے اور اس کے مسائل فوری حل کئے جائیں، مطالبہ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آل ایمپلائز کنفیڈریشن کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت سردار خورشید اقبال صدر کنفیڈریشن پونچھ ڈسٹرکٹ کمپلیکس راولاکوٹ منعقد ہوا۔ کنفیڈریشن کے تمام عہدیداران نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ جس میں جاوید عزیز صدر غیر جریدہ، داؤد رفیق ٹی ملازمین، ناظم افتخار فوڈ ایمپلائز، ایس ایم عارف خان (ایپکا)، شفقت حسین سیکرٹری اطلاعات، قاضی اقبال، سجاد احمد، محمد شکیل ریونیو ایمپلائز، اجمل (بقیہ 49 صفحہ 03)

مسئلہ کشمیر حل کیئے بغیر امن ممکن نہیں، نائب وزیراعظم

خطے میں امن، انصاف اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات چاہتے ہیں

تیانجن (صباح نیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خطے میں امن، انصاف اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات چاہتے ہیں خطے میں توازن برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں مگر طاقت کے من مانے استعمال کو قبول نہیں کیا جا سکتا۔ دیرینہ تنازعات کے پرامن حل کے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ چین کے شہر تیانجن میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے (بقیہ 50 صفحہ 03)

شہداء کا مشن جاری رہے گا، وزیر اطلاعات آزاد کشمیر

آزادی اور غلامی کا فرق دیکھنے کیلئے مقبوضہ کشمیر کی حالت کو دیکھا جائے

اسلام آباد (پی آئی ڈی) وزیر اطلاعات آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا ہے کہ آزادی اور غلامی میں فرق دیکھنا ہے تو مقبوضہ کشمیر کو دیکھیں جہاں کا وزیراعلی اپنی حکومت ہوتے کے باوجود اپنی مرضی سے شہداء کی قبروں تک نہیں جا سکتا۔ اپنی ہی حکومت میں اپنے ہی شہر میں قابض فورسز سے دھکے کھا کر دیواریں پھلانگتے عمر عبداللہ کو لازمی دو قومی نظریے کا احساس (بقیہ 56 صفحہ 03)

میر اکبر کیخلاف انتخابی عزرداری کا فیصلہ آج سنایا جائیگا

قمر الزمان خان نے 2021 کے انتخابات میں ان کی کامیابی کو چیلنج کیا تھا

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد کشمیر الیکشن ٹریبونل وزیر زراعت و امور حیوانات سردار میر اکبر کیخلاف انتخابی عزرداری کیس کا فیصلہ کل 16 جولائی بروز بدھ سنائے گا۔ 2021 کے جنرل الیکشن میں سابق وزیر سردار قمر الزمان خان کو وزیر حکومت سردار میر اکبر نے شکست دی تھی، پی پی رہنما (بقیہ 61 صفحہ 03)

نظرثانی میں نیا نقطہ لینے کی اجازت نہیں، سپریم کورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر ترین جج جسٹس سید منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ ہم نظرثانی درخواست میں نیا نقطہ لینے کی اجازت نہیں دیتے۔ جبکہ جسٹس عقیل (بقیہ 60 صفحہ 03)

مسلم لیگ ن کا ٹکٹ جیت کا نشان ہوگا، راجہ عبدالقیوم

مسلم لیگ ن انشاء اللہ ایک بار پھر دو تہائی اکثریت حاصل کرے گی

مظفرآباد (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے نائب صدر و سینئر بزرگ سیاسی رہنما راجہ محمد عبدالقیوم خان نے کہا کہ مسلم لیگ ن عوامی جماعت، تعمیر و ترقی اور عوامی حقوق پر گہری نظر رکھنے والی جماعت ہے، حلقہ 5 کھاوڑہ کے کارکنان کو انتظام کا نشانہ بنتے نہیں دیکھ سکتا۔ (بقیہ 63 صفحہ 03)

اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا انگلینڈ میں انجری کا علاج شروع

لندن (صباح نیوز) اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کا انگلینڈ میں انجری کا علاج شروع ہوگیا۔ کیمبرج میں ڈاکٹر علی باجوہ نے ارشد (بقیہ 62 صفحہ 03)

قمرالزمان خان نے 2021 کے انتخابات میں ان کی کامیابی کو چیلنج کیا تھا

شدید مہنگائی، بے روزگاری، سہولیات کی کمی نے عوام کو پریشان کر رکھا ہے

مظفرآباد (صباح نیوز) وزیر ٹیکنیکل ایجوکیشن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سردار عامر الطاف خان نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کا سورج طلوع ہو چکا ہے عوام کو مایوس نہیں کریں گے بلکہ ان کے دیرینہ مسائل کا حل نکال کر آسانیاں پیدا کریں گے ہم اقتدار کے لیے نہیں خدمت کے (بقیہ 55 صفحہ 03)

ذاتی اختلافات کو فوری طور پر ختم کریں، عمران خان

لاہور اجلاس کو لیکر پارٹی میں جان بوجھ کر اختلاف پیدا کیا جا رہا ہے

راولپنڈی (صباح نیوز) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ لاہور اجلاس کو لے کر پارٹی میں اختلاف جان بوجھ کر پیدا کیا جا رہا ہے، ذاتی اختلافات ختم کریں اور سارا فوکس تحریک پر رکھیں۔ یہ بات علیمہ خان نے عمران خان سے ملاقات کے بعد دیگر بہنوں کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو (بقیہ 51 صفحہ 03)

وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی عمارت کی دوسری منزل میں شارٹ سرکٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی عمارت کی دوسری منزل شارٹ سرکٹ کے باعث آگ لگ گئی۔ آگ پر بروقت قابو پالیا گیا جس سے کسی بڑے نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا۔ وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی نے احتیاطی تدابیر کے طور پر پوری عمارت کو فوری طور پر خالی کرانے کی ہدایت کر دی۔ ترجمان کے مطابق منگل کو اسلام آباد میں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی عمارت کی دوسری منزل پر HVAC (بقیہ 52 صفحہ 03)

ڈیجیٹل لین دین پر 5 فیصد جی ایس ٹی نافذ کرنے کی سفارش

جنرل سیلز ٹیکس کے نفاذ کے ذریعے ملک بھر میں ڈیجیٹل ادائیگیوں اور ای کامرس پلیٹ فارمز کو فروغ دیا جا سکے

وفاقی اور صوبائی سطح پر عائد ٹیکس دنیا اور خطے میں سب سے زیادہ ہیں اور ٹیکس پالیسیاں عام طور پر مستقل نہیں رہتیں، رپورٹ

اسلام آباد (دھرتی نیوز) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے حکومت سے سفارش کی ہے کہ وہ تمام ڈیجیٹل لین دین پر یکساں 5 فیصد جنرل سیلز ٹیکس (جی ایس ٹی) نافذ کرے تاکہ ملک بھر میں ڈیجیٹل ادائیگیوں اور ای کامرس پلیٹ فارمز کو فروغ دیا جا سکے، نقدی سے متعلق غیر مؤثر طریقہ کار کو کم کیا جا سکے اور معیشت کو دستاویزی شکل دی جا سکے۔ (بقیہ 64 صفحہ 03)

خیبر پختونخوا اسمبلی کی مخصوص نشستوں سے متعلق فیصلہ

ن لیگ، جے یو آئی کی مخصوص نشستیں برابر، پیپلز پارٹی کو 5 نشستیں ملی

اسلام آباد (صباح نیوز) الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا میں مخصوص نشستوں سے متعلق پاکستان مسلم لیگ (ن) کی درخواست منظور کر لی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ الیکشن لسٹ پر (بقیہ 65 صفحہ 03)

ریحام خان نے نئی سیاسی جماعت بنانے کا اعلان کر دیا

نئی جماعت عوام کی آواز بن کر حکمرانوں کا پیچھا کرے گی، ریحام خان

کراچی (صباح نیوز) کراچی میں پاکستان کی سیاست میں ایک نیا باب کھل گیا ہے، جہاں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی سابقہ اہلیہ اور صحافی و سماجی کارکن ریحام خان نے باضابطہ طور پر اپنی نئی سیاسی جماعت کے قیام کا اعلان کر دیا۔ ان کی پارٹی کا نام (بقیہ 54 صفحہ 03)

26 جولائی کو مظفرآباد میں پی ٹی آئی کا اجلاس ہوگا خواجہ فاروق

ایک باوقار، خودمختار اور مستحکم پاکستان ہی کشمیر کی آزادی کا ضامن ہے

چناری (صباح نیوز) قانون ساز اسمبلی آزاد کشمیر میں قائد حزب اختلاف، پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما، خواجہ فاروق احمد، سابق وزیراعظم پاکستان عمران خان کی رہائی کے لیے جاری تحریک میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے متحرک، عوامی رابطہ مہم پر جہلم ویلی کے (بقیہ 53 صفحہ 03)

ادارتی صفحہ

Editorial

روزنامہ
کشمیر دھرتی
@www.dailydhartiajk.com daildhdharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✷ ایڈیٹر: عمر خیام

آزاد کشمیر میں انتخابی اصلاحات کی جانب اہم قدم

آزاد جموں وکشمیر میں انتخابی نظام کی شفافیت، جدیدیت اور مؤثریت کے لیے ایک اہم سنگ میل کی بنیاد رکھی جارہی ہے۔ ممبر الیکشن کمیشن آزاد کشمیر سید نظیر الحسن گیلانی کی زیر صدارت ہونے والے حالیہ اجلاس میں کمپیوٹرائزڈ الیکٹورل رول سسٹم (CERS) کے معاہدے پر آئندہ ہفتے دستخط کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ اقدام نہ صرف آزاد کشمیر کے انتخابی نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرے گا بلکہ عوام کے جمہوری حقوق کے تحفظ کی سمت میں ایک مثبت پیش رفت بھی ثابت ہوگا۔ الیکشن کمیشن، نادرا اور آئی ٹی سیکرٹریٹ کے اشتراک سے CERS کے نفاذ کا منصوبہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ریاستی ادارے عوامی توقعات پر پورا اترنے اور انتخابی شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے سنجیدہ ہیں۔ انتخابی فہرستوں کی تیاری میں ٹیکنالوجی کا استعمال دنیا بھر میں شفاف انتخابات کے لیے ایک مسلمہ اصول بن چکا ہے۔ ایسے میں آزاد کشمیر جیسے جمہوری خطے کے لیے یہ قدم وقت کی اہم ترین ضرورت تھا۔ ممبر الیکشن کمیشن کے دفتر میں منعقد ہونے والے اجلاس میں جن اہم عہدیداران نے شرکت کی، ان میں سیکرٹری الیکشن کمیشن راجہ محمد شکیل خان، سیکرٹری آئی ٹی راشد حنیف، سکریسی آفیسر راجہ وسیم خان، ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی بورڈ ندیم تاج اور سسٹم انجینئر حسن مصطفیٰ شامل تھے۔ ان سب کی موجودگی اور متفقہ فیصلے سے یہ پیغام واضح ہوتا ہے کہ ریاست کے مختلف شعبے اس تاریخی اقدام پر ایک صفحے پر ہیں۔ سیکرٹری آئی ٹی راشد حنیف کا یہ کہنا بالکل درست ہے کہ یہ منصوبہ انتخابی شفافیت اور جدید ٹیکنالوجی کی طرف ایک تاریخی قدم ہے۔ آج کے ڈیجیٹل دور میں جہاں ڈیٹا کا تحفظ، درستگی اور آسان رسائی ایک بنیادی ضرورت ہے، وہاں انتخابی فہرستوں کا کمپیوٹرائزڈ اور خودکار نظام اعتماد کو فروغ دینے کا ضامن ہوسکتا ہے۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن راجہ محمد شکیل خان نے منصوبے کے فوری اجراء کو ترجیح قرار دے کر یہ عندیہ دیا ہے کہ اس نظام کے نفاذ میں غیر ضروری تاخیر نہیں ہونے دی جائے گی۔ اس بات سے اندازہ ہوتا ہے کہ صرف منصوبہ بندی ہی نہیں بلکہ اس پر عملی اقدام بھی جلد متوقع ہے۔ تاہم، اس منصوبے کی کامیابی چند بنیادی شرائط سے جڑی ہے۔ سب سے پہلے، عوام میں اس نئے نظام کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا ہوگی تاکہ وہ اپنی معلومات کی تصدیق اور اپڈیٹ بروقت کرواسکیں۔ دوسرے، اس عمل کو ہر ممکن حد تک شفاف، غیر سیاسی اور عوام دوست رکھا جائے تاکہ کسی بھی قسم کی بدگمانی یا شکایت کی گنجائش نہ رہے۔ یہ بھی ضروری ہے کہ نادرا کے ساتھ حتمی مشاورت اور دستخط کی تاریخ کو بروقت طے کرکے عوامی سطح پر واضح کیا جائے، تاکہ جمہوریت پر یقین رکھنے والے شہری اس اہم تبدیلی کا خیر مقدم کرسکیں۔ CERS کا عملی نفاذ ایک ایسا موقع ہے جس سے آزاد کشمیر کے انتخابی نظام کو نہ صرف داخلی بلکہ عالمی سطح پر بھی اعتبار حاصل ہوسکتا ہے۔ آخر میں، یہ کہنا بجا ہوگا کہ CERS کا معاہدہ محض ایک ٹیکنیکل اپگریڈ نہیں بلکہ ایک جمہوری عہد نو کی نوید ہے۔ اس اقدام سے نہ صرف انتخابات مزید شفاف اور غیر جانبدار ہوں گے بلکہ عوام کا اعتماد بھی انتخابی اداروں پر مزید مستحکم ہوگا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اس منصوبے کو سیاسی مداخلت، بیوروکریٹک تاخیر اور تکنیکی رکاوٹوں سے پاک رکھتے ہوئے جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ آزاد کشمیر کے عوام ایک جدید، صاف وشفاف اور بااعتماد انتخابی نظام سے مستفید ہوسکیں۔

دنیا کی سب سے بڑی دہشت گردی

ہادیٔ برحق ﷺ سے بغض وعناد کوئی نئی بات نہیں اسلام دشمنوں نے ہر دور میں اپنی خباثت کا ثبوت دیتے ہوئے نبیٔ آخرالزماں حضرت محمد ﷺ کی شان میں گستاخی کرنے کی ناپاک جسارت کی ہے جس تیزی سے دنیا میں اسلام پھیل رہا ہے یہ لوگ اندر سے خوف زدہ ہوکر بوکھلا گئے ہیں چونکہ حضرت محمد ﷺ پر کامل، اکمل اور غیر متزلزل ایمان ہی اسلام کی اساس ہے اس لئے اسلام دشمن قوتوں کا ہدف ہمارے پیارے نبی ﷺ کی ذات اقدس ہے یہ ایک لحاظ سے مسلمانوں کے لئے ٹیسٹ کیس بھی ہوسکتا ہے کہ مسلمان اپنے نبی پاک ﷺ سے کس قدر محبت رکھتے ہیں دنیا کی کوئی طاقت مسلمانوں کے دلوں سے یہ محبت نہیں نکال سکتی جہاں تک فرانس کا تعلق ہے اس ملک نے ہمیشہ اپنی خباثت کا ثبوت دیا ہے خلافت عثمانیہ کے دور میں فرانسیسیوں نے نبی پاک ﷺ کی شان میں گستاخی کے لئے تھیٹر میں ڈرامہ دکھانے کا اعلان کیا خلیفہ عبدالحمید نے انہیں اس سے باز رکھنے کی وارننگ دی جب وہ منع نہ ہوئے تو انہوں نے حکومت فرانس کے خلاف جنگ کا اعلان کردیا پھر فرانسیسی حکومت نے تھیٹر پر پابندی لگادی اس کے بعد ہر سال دو سال بعد مختلف حیلوں بہانوں سے فرانس میں ہادیٔ برحق ﷺ سے بغض وعناد پر مبنی کبھی گستاخانہ خاکے اور کبھی کتابیں شائع کی جاتی ہیں مسلمان ہر نبی پر ایمان رکھتے ہیں کبھی کسی مسلمان نے کسی نبی علیہ السلام کی شان میں گستاخی کا تصور بھی نہیں کیا حضرت محمد ﷺ کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے آخری الہامی کتاب میں واضح کردیا ہے کہ ہم نے آپ ﷺ کے ذکر کو بلند کردیا بلاشبہ آپ کا دشمن ہی بے نام ونشان ہے اسی لئے دنیا بھر کے مسلمان چاہتے ہیں کہ انبیاء کرام کی شان میں گستاخی کو جرم قرار دیا جائے ورنہ تہذیبوں کے درمیان ہولناک تصادم کا اندیشہ ہے کیونکہ فرانس میں ایک مرتبہ پھر اسلاموفوبیا اور توہین رسالت کی تازہ لہر نے ہر باضمیر کو پریشان کرکے رکھ دیا ہے یورپ اور مغرب بظاہر مہذب ہونے کا لبادہ پہنے پھرتے ہیں، مگر سچی بات یہ ہے کہ پیغمبر اسلام کی شان میں گستاخی اور شعائر اسلام کے خلاف ان کے بغض نے ان کے مکروہ چہروں کو بے نقاب کردیا ہے فرانس یہ جان لے کہ امت کا ہر بچہ جوان بزرگ اور خواتین سب انبیاء ناموس کی حفاظت اپنی جان سے بڑھ کر کرنا جانتے ہیں فرانسیسی جریدے میں اہانت پر مبنی کارٹون کی اشاعت اور پھر اس کی سرکاری سرپرستی انتہائی ناپاک جسارت ہے ان فتنہ پروروں کی ایسی جرات ہوتی ہی اس لئے ہے کہ بدقسمتی سے مسلم دنیا کے اکثر حکمران اپنی دینی غیرت وحمیت کا مظاہرہ کرنے سے قاصر ہیں اگر پوری امت مسلمہ کے حکمران مکمل اتحاد ویکجہتی اور قوت کے ساتھ مل کر اس مغربی ویورپی دہشت گردی کا جواب دیں تو مجال ہے کہ دنیا میں کہیں بھی کوئی رہبر انسانیت ﷺ کی شان میں گستاخی کا سوچ بھی نہیں سکتا ایسے واقعات سے اربوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہونے اور دنیا میں قیمتی امن کا خدشہ پیدا ہونے کے باوجود عالمی فورمز اقوام متحدہ، او آئی سی سمیت دیگر بین الاقوامی فورمز کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی۔ لیکن جب رد عمل میں کہیں کچھ ہوجائے تو پھر یہ فوراً تمام مسلمانوں پر دہشت گردی کا لیبل چسپاں کرنے لگ جاتے ہیں۔ عالمی اداروں کا یہ دوہرا معیار اب کسی صورت قابل قبول نہیں اس لئے پوری اسلامی دنیا فوری طور پر فرانس سے سفارتی وتجارتی تعلقات منقطع کرے یہی ایمان کا تقاضا ہے۔ اسلام تمام مقدس ہستیوں کی تعظیم کا درس دیتا ہے مسلمانوں کے بارے میں بھی غیر مسلموں کو اسی جذبہ کا مظاہرہ کرنا چاہئے اقوام متحدہ فی الفور اسلام کے خلاف اس نفرت انگیز بیانیہ کا نوٹس لے اور ٹھوس اقدامات اٹھائے۔ آج نفرت کے جو بیج بوئے جارہے ہیں ان کے نتائج شدید ہوں گے۔ متشدد رویوں میں اضافہ ہوگا جس سے تہذیبوں کے درمیان ہولناک تصادم سے دنیا کا امن تہہ وبالا ہوسکتا ہے کیونکہ گستاخانہ خاکوں سے پوری دنیا میں غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ فرانسیسی صدر کے غیر ذمہ دارانہ بیانات نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ نفرت پر مبنی بیانیہ انسانیت کے لئے انتہائی خطرناک ثابت ہوگا مسلمانوں کے نزدیک نبی پاک ﷺ کے توہین آمیز خاکے شائع کرنا دنیا کی سب سے بڑی دہشت گردی ہے اور یہ ناقابل معافی جرم ہے۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ مسلم ممالک کے حکمرانوں کی مجرمانہ غفلت کی وجہ سے یورپ ممالک کو دوبارہ گستاخانہ خاکے شائع کرنے کی جرأت ہوئی مسلم ممالک کے حکمرانوں کی بے حسی نے امت مسلمہ کو پریشان کیا ہوا ہے جبکہ او آئی سی یورپ کی لونڈی کا کردار ادا کررہی ہے اس لئے یورپ کی دہشت گردی کو روکنے کے عالم اسلام کے حکمرانوں کو متحد ہوکر مقابلہ کرنا ہوگا نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کوئی بھی مسلمان برداشت نہیں کرسکتا۔ دین اسلام کے مقدس ہستی کی توہین دنیا کے دو ارب مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکانے کے مترادف ہے فرانسیسی صدر نے اسلام کو سمجھے بغیر نشانہ بنا کر نہ صرف یورپ بلکہ دنیا کے مسلمانوں کے جذبات مجروح کئے اور جہالت پر مبنی بیانات نفرت، اسلاموفوبیا، انتہاپسندی کو فروغ دیا چونکہ امریکا ہو یا یورپ یا بھارت جیسے بڑی آبادی کے حامل ممالک میں دائیں بازو کی جماعتوں کا اثر ورسوخ بڑھتا جا رہا ہے جس کی وجہ سے مذہبی انتہاپسندی، نسل پرستی اور سیاست میں فاشسٹ رجحانات کو تقویت ملتی ہے۔ اقوام متحدہ، یورپی یونین، یورپ اور دنیا سے مطالبہ ہے کہ وہ اس کا نوٹس لیں اور نیوزی لینڈ کی وزیراعظم جسینڈا کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مذہبی انتہاپسندی کو روکنے اور ہم آہنگی کے لئے کردار ادا کریں اسلامی سربراہان مملکت اس صورت حال سے نمٹنے کے لئے تمام اسلامی ممالک فرانسیسی مصنوعات کا بائیکاٹ کریں تمام مسلم ممالک فرانسیسی سفیروں کو احتجاجاً اس وقت تک اپنے اپنے ملکوں سے نکال دیں جب تک فرانس امت مسلمہ سے معافی نہ مانگے اور آئندہ اس طرح کے اقدامات کے لیے راستہ بند کرنے کے اقدامات کی یقین دہانی نہ کرائے عالمی برادری کا بھی فرض بنتا ہے کہ وہ مسلمانوں کے خلاف مذہب کے نام پر اقدامات بند کرائے تمام غیر او آئی سی ممالک اسلام مخالف اقدامات سے گریز کی پالیسی اپنائیں کیونکہ فرانس میں حالیہ گستاخانہ خاکوں کی اشاعت اور پشت پناہی سے متعلق بیانات سے نہ صرف دنیا بھر میں مسلمانوں کے جذبات شدید مجروح ہوئے ہیں بلکہ بین المذاہب جذبات کو بھی خطرات لاحق ہوسکتے ہیں اس لئے بڑی طاقتوں کو حالات کی سنگینی کا احساس کرنا ہوگا یہ ان کے اپنے مفاد میں ہے۔

جمہور کی آواز
ایم سرور صدیقی

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
......(ادارہ)

ہندوستان کی مسلط کی گئی پراکسی وار

چنار
☆☆☆
پروفیسر ریاض اصغر ملوٹی

قرآن پاک کی سورۃ المائدہ میں ہے انسانی جان کی بہت بڑی حرمت ہے ایک فرد کا قتل پوری انسانیت قتل ہے جس نے کسی ایک شخص کی جان بچائی تو ایسا ہے جیسے اس نے تمام انسانوں کی جان بچائی۔ بے گناہ قتل کبیرہ گناہ ہے قتل ناحق کی سزا جہنم ہے ناحق قتل فساد فی الارض ہے صحیح بخاری کی حدیث ہے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے فرمایا رسول پاک ﷺ نے قیامت کے دن سب سے پہلے لوگوں سے خون کے بارے میں حساب ہوگا ایک مسلمان کی حرمت خانہ کعبہ کی حرمت سے بھی زیادہ ہے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے دوران طواف میں نے خود آپ ﷺ کو یہ کہتے سنا کہ اے کعبہ تو کتنا عمدہ عظیم مرتبے والا ہے تیری حرمت کس قدر زیادہ مگر قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے مومن کے مال وجان کی حرمت اللہ کے نزدیک تیری حرمت سے زیادہ ہے حضرت ابو درداء سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اللہ ہر گناہ کو معاف فرمائے گا مگر جو حالت شرک میں فوت ہوا اور جس نے ارادے سے کسی کو قتل کردیا انہیں معافی نہیں ملے گی بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے صوبوں میں آئے روز دہشت گردی کے افسوسناک واقعات میں بڑی تعداد بے گناہ شہری اور سیکورٹی فورسز کے ہمارے بھائی شہید ہو رہے ہیں شہید ہونے والے تمام بے گناہ اور معصوم ہیں ان کا کوئی جرم یا قصور نہیں قاتل نام نہاد مسلمان ہیں بظاہر نبی کا کلمہ پڑھنے والے ہیں خود کو مسلمان قرار دیتے ہیں جبکہ ان کا کام غیر مسلموں سے بدتر ہے یہ لوگ فسادی ہیں انہوں نے وطن عزیز میں فساد پھیلا رکھا ہے اوپر قرآن وحدیث کے جو حوالے پیش کئے ہیں ان کے مطابق یہ لوگ جہنمی ہیں انہوں نے فساد فی الارض پھیلایا ہوا ہے علمائے کرام کے فتوے اور تعلیمات اسلامی کے مطابق ایسے لوگوں کے خلاف جہاد فرض ہے اور ایسے لوگوں کا خاتمہ عین شریعت کے مطابق ہے گزشتہ کئی عشروں سے بھارت کی جانب سے مسلط کی گئی اس پراکسی وار میں لاکھوں پاکستانی بے گناہ مسلمان مرد وخواتین بچے شہید ہو چکے ہیں بھارت بلوچستان میں مسلسل بدامنی پھیلانے میں مصروف ہے اس کا مقصد بلوچستان کو پاکستان سے علیحدہ کرنا ہے لیکن یاد رکھیں بلوچستان بنگال نہیں ہے مغربی اور مشرقی پاکستان کے درمیان ایک ہزار میل کا فاصلہ تھا درمیان میں بھارتی سمندری حدود تھیں۔ نظریاتی محاذ پر ہم نے پہلے بنگال میں شکست کھائی تھی اس کے بعد میدان جنگ میں ہم بے بس ہوئے تھے۔ بلوچستان میں نہ نظریاتی محاذ پر ہم کمزور ہیں اور نہ درمیان میں بھارتی سرزمین ہے بلوچستان کی اکثریت آبادی آج بھی پاکستان پر مرمٹنے کے لئے تیار ہے بلوچیوں کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں بلوچستان کی کل آبادی سے 2یا 3فیصد مختلف مسائل اور محرومیوں کی بدولت بھارتی اشیر باد سے پاکستان کے خلاف بات کرتے ہیں بلوچستان لبریشن آرمی میں باغیوں کی تعداد 2ہزار سے زائد نہیں ہوگی یہ لوگ بزدلانہ کارروائیاں کرتے ہیں چھپ کر وار کرتے ہیں گھات لگا کر چھاپہ مار کارروائیاں کرتے ہیں یہ بات اپنی جگہ درست ہے کہ چھاپہ مار جنگ دنیا کی مشکل ترین اور پیچیدہ جنگ ہے دشمن کسی درخت پتھر پہاڑی یا دیوار کی اوٹ میں چھپ کر حملہ کرتا ہے اور حملہ کرکے فرار ہوجاتا ہے۔ سامنے سے حملہ کرنے اور چھپ کر حملہ کرنے والے دشمن میں بہت فرق ہے بلوچستان کے یہ محدود تعداد علیحدگی پسند جن کو بھارت اسلحہ اور رقم کے علاوہ ٹریننگ دیتا ہے ان کی لیڈرشپ بھارت میں پناہ لئے ہوئے ہے کچھ افغانستان میں چھپے ہوئے ہیں انہیں بھارتی خفیہ ایجنسی را کی مکمل سرپرستی حاصل ہے پہلگام واقعہ کو بہانہ بنا کر بھارت نے 6اور 7مئی2025، پاکستان پر حملہ کیا اور چار روزہ جنگ میں بھارت کو فضائی اور میدانی جنگ میں عبرت ناک شکست کا سامنا کرنا پڑا شکست کی شرمندگی اور عزیمت کی خفت مٹانے کی خاطر بھارت نے بلوچستان میں تخریبی سرگرمیوں پراکسی وار میں تیزی سے اضافہ کردیا ہے یوں تو تین دہائیوں سے زائد عرصہ سے بھارت بلوچستان میں تخریبی کارروائیاں کررہا ہے تاہم 2023، دہشت گردی میں سوگنا اضافہ کردیا گیا ہے چند روز قبل بی ایل اے نے پنجاب کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے 9مزدور پیشہ معصوم مسافروں کو جو گھروں کی طرف آرہے تھے ان کے شناختی کارڈ چیک کرکے نیچے اتار کر نزدیکی پہاڑوں پر لے جا کر گولیاں مار کر شہید کردیا اس طرح کا یہ کوئی پہلا واقعہ نہیں آئے روز اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں جعفر ایکسپریس کے سینکڑوں مسافروں کو رات کی تاریکی میں بیابان جنگ گاڑی سے اتار کر تشدد کا نشانہ بنایا گیا29 بے گناہوں کو شہید کردیا گیا25اگست2024 کی رات بی ایل اے کے دہشت گردوں نے ناکہ اور گھات لگا کر پنجاب سے تعلق رکھنے والے 24 بے گناہ افراد کو اسی طرح گاڑیوں سے شناختی کارڈ چیک کرکے نیچے اتار کر گولیاں مار کر شہید کیا تھا سیکورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کی تھی 31 دہشت گرد ہلاک اور 14 سیکورٹی فورسز کے جوان اور آفیسرز شہید ہوگئے تھے موسیٰ خیل میں یہ24 بے گناہ پنجاب سے تعلق رکھنے والے مزدور شہید کئے گئے تھے کراچی کوئٹہ شاہراہ پر رات کے وقت اکثر اس طرح کی کارروائیاں کی جاتی ہیں کارروائیاں کرکے یہ دہشت گرد پہاڑوں کی طرف فرار ہوجاتے ہیں 3نومبر 2023، بلوچستان میں پسنی سے ماڑا جانے والی دو فوجی گاڑیوں پر دہشت گردوں نے گھات لگا کر حملہ کیا جس میں 14فوجی شہید ہوئے 3اور 4نومبر 2023، صرف دو دنوں میں 22پاک فوج کے لوگ شہید ہوئے 11دسمبر2023، ڈی آئی خان میں فوجی گاڑی کو اڑایا گیا جس میں 20فوجی جوان شہید ہوئے2023 میں ہی ملک کے چوٹی کے1800علمائے کرام جو مختلف مکتب فکر سے تعلق رکھتے تھے مشترکہ طور متفقہ فتویٰ دیا کہ دہشت گرد دین اسلام سے خارج ہیں ان کے جنگ جہاد ہے اور جائز ہے پاکستان ایک آزمائش سے گزر رہا ہے پاک فوج اور پوری قوم بڑی دلیری اور بہادری سے بھارت کی مسلط کی گئی دہشت گردی کی پراکسی وار کا مقابلہ کررہی ہے انشاء اللہ بھارت اپنے ناپاک عزائم میں ناکام ہو گا حق اور سچ کی فتح ہوگی ظلم وبربریت کی سیاہ رات کا جلد خاتمہ ہوگا دہشت گردی کی اس جنگ میں جہاں ہزاروں سویلین بے گناہ مرد، خواتین اور بچے شہید ہوئے وہاں میرے وطن کے بہت ہی خوبصورت کڑیل جوان اور آفیسر شہید ہوئے ہیں شہادتوں کا یہ سلسلہ جاری ہے دشمن چاہتا ہے کہ پاکستان عدم استحکام کا شکار ہو مایوسی اور ناامیدی کی فضاء پیدا ہو لوگ ڈر اور خوف کی وجہ سے آئندہ محنت مزدوری کے لئے بلوچستان نہ آئیں۔ بلوچستان کو دہشت گردی کے ماحول میں اس قدر تک لے جایا جائے کہ ملک کے دیگر حصوں سے لوگ نہ آئیں لوگوں کو ایسا بنا دیا جائے پاکستان آرمی کو اس اعصاب شکن جنگ میں مایوس اور بے بس کردیا جائے لیکن بھارت کبھی بھی اپنے مکروہ مشن میں کامیاب نہیں ہوگا پاکستان لاکھوں معصوم انسانوں کی قربانیوں کے نتیجے میں آزاد ہوا ہے لاکھوں انسانوں کا مقدس لہو شامل ہے یہ پاک وطن قیامت تک قائم رہنے کے لئے بنا ہے پاک فوج جہاں اس کی پشت پر 25 کروڑ عوام ہیں اور پوری قوم آج بھی دو قومی نظریے جسے نظریہ اسلام کہتے ہیں اس نظریے پر قائم ودائم متحد ومتفق ہے ہر مشکل اور آزمائش کے وقت پوری قوم سیسہ پلائی دیوار ثابت ہوگی جیسا کہ 10مئی تک پوری قوم نے بنیان مرصوص کی مانند کردار ادا کیا اسی طرح آئندہ بھی کردار نبھائے گی دشمن کسی رعایت کا مستحق نہیں وہ صرف اور صرف طاقت کی زبان ہی سمجھتا ہے بھارت کسی خوش فہمی میں نہ رہے انشاء اللہ دہشت گردی کی جنگ میں خارجیوں اور ہندوستانیوں کے فتنے کو ضرور شکست ہوگی۔

☆☆☆☆

میرے حلقے کا مستقبل —— رول ماڈل کی طرف سفر

مہمان کالم
اسداللہ طارق

امیدوار برائے اسمبلی
،حلقہ ایل اے 21پونچھ 4)

آزاد کشمیر کی خوبصورت وادیوں اور باشعور عوام کا حامل حلقہ ایل اے 21 پونچھ 4 صرف ایک انتخابی حلقہ نہیں، بلکہ ایک ذمہ داری ہے، ایک عہد ہے، ایک خواب ہے۔ میں، اسداللہ طارق، جب اس حلقے سے انتخابی سیاست کا آغاز کررہا ہوں تو میرا مقصد صرف جیتنا نہیں، بلکہ اس خطے کو ایک رول ماڈل بنانا ہے —— ایک ایسا ماڈل جہاں کرپشن کا خاتمہ ہو، قانون کی حکمرانی ہو، اور عوام کی عزت نفس بحال ہو۔

کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی

میرا اولین منشور کرپشن کا خاتمہ ہے۔ جب میں اسمبلی میں پہنچوں گا تو سب سے پہلا کام حلقے کے ڈپٹی کمشنر (ڈی سی) کو ایک سرکاری خط لکھنا ہوگا جس میں واضح کیا جائے گا کہ اگر میرے حلقے میں پولیس رشوت لیتی ہے یا کوئی رشوت دیتا ہے تو اس کے ذمہ دار ڈی سی خود ہوں گے۔ یہ بات صرف پولیس تک محدود نہیں ہوگی، بلکہ اگر کسی محکمہ —— مثلاً پٹوار خانہ، تحصیل، مال، یا دیگر دفاتر میں بدعنوانی ہوگی تو اس کی ذمہ داری افسران بالا پر عائد ہوگی۔

یہ پریکٹیکل قدم اس لیے ضروری ہے کیونکہ ہمارے ملک میں عام طور پر کرپشن کی جڑ نچلی سطح پر نہیں بلکہ اوپر کی سطح پر موجود نرمی یا چشم پوشی میں ہوتی ہے۔ جب افسران بالا کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا تو وہ خود نیچے کی سطح پر بہتری لانے پر مجبور ہوں گے۔

عوام کے پیسوں پر سیاست نہیں ہوگی

ہمارے حلقے میں بارہا ایسا ہوا ہے کہ جب کوئی صدر، وزیراعظم، یا کوئی پروفائل شخصیت دورہ کرتی ہے تو عوام سے چندہ لیا جاتا ہے، فنڈز مانگے جاتے ہیں یا لوگوں پر بوجھ ڈالا جاتا ہے تاکہ استقبال اور جلسے کے انتظامات کیے جاسکیں۔

میں واضح کردینا چاہتا ہوں کہ میرے حلقے میں اگر کوئی اہم شخصیت آتی ہے تو وہ پہلے اپنے دورے کے اخراجات کے لیے فنڈز فراہم کرے گی۔ عوام پر کسی قسم کا مالی بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، نہ ہی کسی طالبعلم یا سرکاری ملازم کو زبردستی شریک تقریب کیا جائے گا۔ ہم اپنی عزت نفس کے ساتھ جینا چاہتے ہیں اور اپنے وسائل کا تحفظ کرنا جانتے ہیں۔

جعلی عاملوں اور جادوگروں کا خاتمہ

آج بھی ہمارے معاشرے میں ایسے جعلی عامل، جادوگر، اور روحانی دھوکہ باز موجود ہیں جو لوگوں کی کمزوریوں کا فائدہ اٹھا کر ان سے پیسے اینٹھتے ہیں، خواتین کا استحصال کرتے ہیں، اور سادہ دل عوام کو برباد کردیتے ہیں۔ میں ان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا اعلان کرتا ہوں۔ میں پولیس اور ایجنسیوں کو پابند کروں گا کہ وہ ان افراد کی نشاندہی کریں، ان کے خلاف مقدمات درج کریں، اور قانون کے مطابق سزا دلائیں۔ اگر پولیس اور ادارے کارروائی نہ کریں تو اس کی ذمہ داری بھی ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ ایجنسیوں پر عائد ہوگی۔

میرے وژن کا خاکہ

میرا خواب ہے کہ ایل اے 21 ایک ایسا حلقہ بنے جسے دوسرے علاقے مثال کے طور پر دیکھیں۔ جہاں انصاف صرف طاقتور کے لیے نہ ہو، بلکہ عام شہری کو بھی فوری انصاف ملے۔ جہاں تھانے میں کوئی سفارش یا پیسہ لیے بغیر ایف آئی آر درج ہو۔ جہاں زمین کے کاغذات بنانے کے لیے پٹواری کو رشوت نہ دینی پڑے۔ جہاں ہسپتال میں علاج ہو، سکول میں استاد ہو، اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع ہوں۔

میری سیاست —— خدمت کا نام

میں سیاست کو کاروبار نہیں سمجھتا، نہ اسے شہرت کا ذریعہ بنانا چاہتا ہوں۔ میرے نزدیک سیاست عبادت ہے، اور عوام کی خدمت ایک فرض ہے۔ میں جو وعدے کررہا ہوں، وہ محض انتخابی نعرے نہیں بلکہ عملی اقدامات کا خاکہ ہیں۔

میں عوام سے درخواست کرتا ہوں کہ میری نیت اور وژن کو دیکھیں، میری سوچ اور ترجیحات کو پرکھیں۔ مجھے آپ کا ووٹ صرف ایک نمائندہ نہیں، بلکہ ایک خدمت گزار بنائے گا۔

آئیں مل کر کرپشن سے پاک، باوقار، خوددار اور روشن حلقے کی بنیاد رکھیں۔

ووٹ دیں، خدمت کا انتخاب کریں۔

احوال ایک علمی وادبی نشست کا

سید زاہد حسین نعیمی
szahidhussainnaeemi@yahoo.com

یکم جون ۲۰۲۵ء میرے لئے ایک اہم دن تھا، آزاد کشمیر یونین آف کالمسٹس کا مرکزی حلف برداری کا اجلاس میرپور میں تھا، جس میں راقم السطور کو بحیثیت سرپرست شرکت کرنا تھا، جبکہ اس سے پہلے ایک عزیز سردار محمد ساجد خان ڈائریکٹر محکمہ معدنیات آزاد کشمیر جو میرے بیٹے سید اطہر زاہد کے یونیورسٹی کے دوست ہیں، ان کی شادی میں شرکت کا وعدہ کر چکا تھا۔ مظفرآباد کے دورہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خواہش ہوئی مظفرآباد کی چند علمی وادبی شخصیات سے شرف ملاقات حاصل ہو جائے۔ اسی دوران جناب قاری خلیل احمد قادری صاحب ناظم اعلیٰ تنظیم المدارس آزاد کشمیر نے فون پر بتایا کہ تنظیم المدارس کے ایک اجلاس میں فیصلہ ہوا ہے۔ تنظیم کے زیر اہتمام ایک مجلہ نکالا جائے، جس کے سرپرست جناب علامہ محمد عارف صاحب ضلع بھمبر ہیں، جبکہ معاون اراکین میں جناب حضرت علامہ پیر سید محمد اسحٰق نقوی صاحب مظفرآباد، جناب حضرت علامہ محمد زمان سیفی صاحب مظفرآباد شامل ہیں۔ اور یہی پیغام تنظیم المدارس کے گروپ پر شیئر کردیا۔ ایسے میں اور ضروری ہوا کہ ان حضرات کے علم وفضل سے بالمشافہ ملاقات کا شرف حاصل ہو جائے۔

راقم السطور نے حضرت علامہ مولانا سید ریاض کاظمی صاحب اور محترم جناب علامہ مفتی شیخ فرید صاحب سابق ناظم اعلیٰ محکمہ دینیہ سے بھی شرف ملاقات حاصل کرنا تھا۔ قبلہ علامہ سید ریاض حسین کاظمی صاحب کے ذریعہ جناب علامہ محمد زمان سیفی صاحب سے وقت لیا اور جناب علامہ پیر سید محمد اسحٰق نقوی صاحب سے راقم السطور نے رابطہ کیا اور یوں ان تینوں علمی وادبی دنیا کی اہم شخصیات سے گیلانی چوک مظفرآباد بیٹھک کا طے ہوا۔ اس اہم اجلاس ونشست کے باعث میرپور کے اہم اجلاس میں شرکت نہ ہو سکی۔ یکم جون ۱۲:۳۰ پر راقم السطور گیلانی چوک پہنچا، آگے پہلے سے جناب علامہ پیر سید ریاض حسین کاظمی اور جناب علامہ مولانا محمد زمان سیفی صاحب پہلے استقبال کے لئے موجود تھے۔ بعدازاں قریب جہانگیر ہوٹل میں بیٹھک ہوئی۔ جناب علامہ پیر سید محمد اسحٰق نقوی صاحب بھی جلد ہی تشریف لائے۔ نشست میں دو احباب علاوہ بھی تھے، جو ہمیں ملنے وہاں آئے تھے۔ علامہ پیر سید محمد اسحٰق نقوی مدظلہ العالی کا شمار علماء اہلسنت کی اُن شخصیات ساتھی جن میں سے اکثر اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہو چکے ہیں۔ علامہ مفتی سید حبیب الرحمٰن شاہ بخاری، علامہ قاضی لطیف الرحمٰن، علامہ مفتی سید اشرف شاہ کاظمی، مولانا حافظ وقاری عبداللہ نظامی، علامہ مولانا صاحبزادہ غلام یاسین شاہ بخاری، مولانا مفتی عبدالعزیز عباسی، صاحبزادہ سلیم چشتی یہ حضرات دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں، جبکہ جناب صاحبزادہ حمیدالدین برکتی صاحب اور علامہ پیر سید نذیر حسین گیلانی صاحب ان کے ساتھیوں میں سے بقید حیات ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں حضرات کو صحت وسلامتی عطا فرمائے۔ آمین

علامہ پیر سید محمد اسحٰق نقوی صاحب سے کئی سال پہلے شرف ملاقات حاصل ہوا تھا۔ پھر ایک عرصہ بعد ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ عمر کے اس حصے میں بھی آپ کی علمی وادبی وصحافتی، روحانی، دینی وملی خدمات کا سلسلہ پورے عزم واستقامت کے ساتھ جاری ہیں۔ آپ کا شمار علماء سلف میں ہوتا ہے۔ آپ کا گھرانہ مذہبی، روحانی، علمی وادبی ہر لحاظ سے ریاست کشمیر میں اپنا ایک بلند مقام رکھتا ہے۔ آپ اپنے اسلاف کی تعلیمات کے امین ہیں۔ اہلسنت آزاد کشمیر کی صحافتی دنیا کے ان ابتدائی لوگوں میں آپ کا شمار ہوتا ہے جنہوں نے قلم وقرطاس کے رشتہ کو قائم رکھا۔ غالباً مظفرآباد بلکہ آزاد کشمیر کے پہلے اہلسنت کے صحافی ہیں، جنہوں نے نامساعد حالات میں ہفت روزہ "قلم" مظفرآباد سے جاری کیا، جس کا ڈیکلریشن ۷اگست ۱۹۸۷ءکو آپ کے نام جاری ہوا۔ یوں عملاً آپ دینی، ملی، مذہبی، سماجی خدمات کے ساتھ گزشتہ ۳۸ سال سے صحافتی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ اگر آپ کو مظفرآباد کا بابائے صحافت کہا جائے تو یہ مبالغہ نہ ہوگا، بلکہ آپ کی ذات کے ساتھ انصاف ہوگا۔ مظفرآباد ہی کی ایک علمی وادبی شخصیت علامہ غلام حسین کاظمی گزرے ہیں جنہوں نے قیام پاکستان سے پہلے "پاکستان" نام کا اخبار ایبٹ آباد سے نکالا تھا۔ ان کی صحافتی خدمات کے بعد اہلسنت کی جس شخصیت کو باقاعدہ ۳۸ سالوں سے تسلسل کے ساتھ ہفت روزہ اخبار "قلم" نکالنے کا شرف حاصل ہوا وہ آپ ہی کی ذات یعنی علامہ سید اسحاق نقوی ہیں۔ علاوہ ازیں آپ مقامی وقومی اخبارات میں مضامین اور کالم لکھتے ہیں۔ مذہبی، معاشرتی، سماجی اور کرنٹ افیئرز پر ہوتے ہیں۔ آپ اب تک متعدد علمی وادبی کتب تصنیف کر چکے ہیں۔ اس علمی وادبی نشست میں آپ نے ہفت روزہ "قلم" چھ کاپیوں کے ساتھ ایک عدد اپنی تصنیف "مقدمہ تدوین وتحریف قرآن" قادیانیوں کے متنازع فیصلہ چیف جسٹس سپریم کورٹ سپریم کورٹ آف پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کے نام کھلا خط جو ۱۵اقساط پر مشتمل ہے، جس کے صفحات ۱۱۹ ہیں، مجھے عطا فرمائے۔

تنظیم المدارس اہلسنت آزاد کشمیر کے مجلہ کی اشاعت پر اپنی خصوصی رائے کا اظہار فرمایا۔ اس موقع پر راقم السطور نے آپ کی خدمت میں اپنی کتاب "تحریک آزادی کشمیر وعلماء ومشائخ" پیش کی۔ آپ سلف کی نشانی ہیں۔ نوجوان علماء کے لئے آپ کا کردار مشعل راہ ہے۔ دوسری اہم علمی وادبی شخصیت اہلسنت کے نامور قلمکار، مدبر، محقق، دانشور، مقالہ نگار، وکالم نویس جناب علامہ حافظ ابوزہرہ محمد زمان سیفی زید مجدہ کی تھی جو اس علمی وادبی نشست میں خصوصی طور پر تشریف لائے تھے۔ راقم السطور کی ان سے یہ بالمشافہ پہلی ملاقات تھی۔ آپ محبِ اہل بیت، سلف صالحین کی تعلیمات کے امین ہیں۔ آپ کے مضامین وکالم قومی ومقامی اخبارات میں تسلسل کے ساتھ شائع ہوتے ہیں۔ بہت ہی جاندار اور علمی وادبی ہونے کے ساتھ ساتھ تعمیر سیرت پر نہایت ہی جامع رہنمائی کرتے ہیں۔ آپ نے کالمز، تاریخ، تصوف، اصلاح معاشرہ، عالم اسلام، اور مختلف کرنٹ افیئرز پر ہوتے ہیں۔ آپ بے باک لکھتے ہیں، علاوہ ازیں نامور خطیب اور ثقہ عالم دین دور حاضر کے فتنوں سے پوری طرح آگاہ، اپنی تحریر وتقریر کے ذریعے حق کی آواز بلند کررہے ہیں۔ ہماری علمی وادبی نشست کی تیسری اہم شخصیت جناب علامہ پیر سید ریاض حسین شاہ کاظمی تھے، آپ کے خاندان کے بزرگوں کی علمی، روحانی، مذہبی، سماجی ومعاشرتی خدمات کا زمانہ گواہ ہے۔ آپ انہی کاملین کی تعلیمات کے امین ہیں۔ عالم نبیل، علمی وروحانی شخصیت علم وفضل سے بھرپور آپ کے شاگردوں کی تعداد بیشمار، ثقہ عالم دین، مفتی، خطیب، صاحب تصانیف کئی موضوعات پر گراں قدر علمی تصانیف آپ کی گرانقدر خدمات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ آپ کی تحریرات، تقاریظ، پیش لفظ اور تبصرے کئی کتب پر پڑھنے کا موقع ملا۔ تاہم چند سال پہلے انجمن اساتذہ جموں وکشمیر کی ایک کانفرنس مظفرآباد میں آپ سے ملاقات وزیارت کا شرف حاصل ہوا۔ تب سے اب تک رابطہ رہتا ہے۔ آپ تینوں شخصیات سے مختلف موضوعات پر سیر حاصل علمی وادبی گفتگو ہوئی۔

تنظیم المدارس اہلسنت کے سالانہ مجلہ پر آپ حضرات نے اپنی قیمتی اور اہم آراء پیش فرمائیں اور جناب پیر سید محمد اسحٰق نقوی صاحب کو حتمی فیصلہ کا اختیار دیا۔ انہوں نے تنظیم المدارس اہلسنت آزاد کشمیر کے ذمہ داران کو اس مجلہ کی اشاعت کے متعلق اپنی تجاویز وہدایات ارسال کردی ہیں۔ یوں یہ علمی وبامقصد اجلاس جناب علامہ پیر سید محمد اسحٰق نقوی زید مجدہ کی دعا پر اختتام پذیر ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اکابرین کو صحت وسلامتی عطا فرمائے۔ دین کی خدمت میں مزید توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین

☆☆☆☆

پاکستان پیپلز پارٹی امید کی ایک کرن

ابرار حسین [illegible]
ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کونسل پاکستان پیپلز پارٹی

آزاد کشمیر کے سیاسی منظرنامے پر نظر دوڑائیں تو ایک بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ عوام اب ماضی کی آزمائشوں سے سبق سیکھ چکے ہیں۔ وہ سیاسی شعبدہ بازیوں اور مفاد پرست ٹولوں کو پہچان چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آنے والے الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی کی مقبولیت اور عوامی پذیرائی میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے کو مل رہا ہے۔ خاص طور پر حلقہ نمبر 5 میں جس طرح عوام پیپلز پارٹی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کررہے ہیں، وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ آئندہ کامیابی ان شاء اللہ پیپلز پارٹی کا مقدر بنے گی۔

پاکستان پیپلز پارٹی ایک نظریاتی جماعت ہے، جس کی بنیاد قربانی، عوامی خدمت اور مساوات پر رکھی گئی۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو سے لے کر شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اور پھر موجودہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری تک، اس پارٹی نے ہر دور میں عوام کے ساتھ کھڑے رہنے کا علم بلند رکھا۔ آزاد کشمیر میں بھی پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ریاستی خودمختاری، تعلیمی ترقی، صحت عامہ، سڑکوں اور انفراسٹرکچر کی تعمیر میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ حلقہ 5 میں بھی ماضی میں پیپلز پارٹی کے نمائندے عوامی خدمت کی روشن مثالیں قائم کرچکے ہیں۔

آج جب حلقہ 5 کی عوام دوبارہ اپنی سیاسی قیادت کے انتخاب کی تیاری کررہے ہیں، تو وہ کسی مفاداتی یا خاندانی سیاست کے بجائے ایک وژن، ایک خدمت، ایک نظریے کو ووٹ دینا چاہتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کے امیدوار حلقہ 5 میں صرف ایک سیاسی چہرہ نہیں، بلکہ عوامی امنگوں کا ترجمان ہے۔ عوام کو اس بات کا بخوبی علم ہے کہ پیپلز پارٹی کا امیدوار ان کے مسائل کو نہ صرف سمجھتا ہے بلکہ ان کا حل نکالنے کی اہلیت بھی رکھتا ہے۔

حلقہ 5 میں عوام کا بنیادی مسئلہ روزگار، تعلیم، صحت اور نوجوانوں کے لیے مواقع کی کمی ہے۔ پیپلز پارٹی کے منشور میں ان تمام نکات کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ ہمارا وعدہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے کامیابی دی تو حلقہ 5 کو مثالی حلقہ بنایا جائے گا۔ نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کے لیے تربیتی ادارے قائم کیے جائیں گے، خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، اور صحت وتعلیم کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا۔

حالیہ دنوں میں ہونے والی کارنر میٹنگز، عوامی اجتماعات، اور مقامی دوروں میں جو جوش وخروش نظر آیا، وہ کسی عام سیاسی سرگرمی کا نتیجہ نہیں، بلکہ یہ عوام کی پیپلز پارٹی سے وابستہ امیدوں کا اظہار ہے۔ لوگ جان چکے ہیں کہ ان کی خوشحالی، ان کے بچوں کا مستقبل، اور ان کی ریاست کا وقار صرف پیپلز پارٹی کی قیادت میں ہی محفوظ ہوسکتا ہے۔

میں بحیثیت ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کونسل پاکستان پیپلز پارٹی آزاد کشمیر عوام کو یہ یقین دہانی کرواتا ہوں کہ ہم حلقہ 5 کو ترقی، خوشحالی اور عدل کا گہوارہ بنائیں گے۔ ہم مفادات کی سیاست نہیں بلکہ خدمت کی سیاست کرتے ہیں۔ پیپلز پارٹی کا ہر کارکن، ہر امیدوار ایک مشن پر ہے، وہ مشن ہے عوامی خدمت کا، آزاد کشمیر کو حقیقی خودمختاری کی طرف گامزن کرنے کا۔

آخر میں، میں حلقہ 5 کے باشعور عوام سے گزارش کرتا ہوں کہ وہ آنے والے انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کو ووٹ دے کر ثابت کریں کہ وہ ماضی کے اندھیروں سے نکل کر ترقی کی روشنی کی طرف بڑھنا چاہتے ہیں۔ یہ ووٹ صرف ایک جماعت کو نہیں، بلکہ ایک سوچ، ایک نظریے، اور ایک بہتر مستقبل کو دیا جائے گا۔

پاکستان پیپلز پارٹی زندہ باد، عوامی خدمت پائندہ باد۔

☆☆☆☆

جامن ایک کراماتی پھل

مہمان کالم
الیاس محمد حسین

بچپن میں ہم شرارتاً ایک دوسرے کو چھیڑتے تھے جامنوں۔۔۔ تیرا بیاہ شام نوں لڑکے مسکراتے لیکن لڑکیوں کے چہروں پر ایک شفق سے پھیل جاتی اور وہ مسکرا جاتیں لیکن شاید بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ جامن کے کتنے فوائد ہیں؟ اسے کراماتی پھل بھی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا

موسم گرما میں آنے والا پھل جامن صحت کے حوالے سے انتہائی مفید اور اہم پھل ہے اور دیگر پھلوں کے مقابلے میں بہت زیادہ مہنگا بھی نہیں ہے۔ جامن کے ساتھ ساتھ جامن کی گٹھلیاں اور پتے بھی بہت ساری بیماریوں کے علاج میں استعمال کئے جاتے ہیں۔ عموماً جامن کھا کر گٹھلیاں پھینک دی جاتی ہیں حالانکہ جامن کی گٹھلیاں مختلف امراض میں بے انتہا فائدہ پہنچاتی ہیں۔ آپ ان گٹھلیوں کو سکھا کر رکھ سکتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر استعمال کریں۔ جامن کینسر، دل کی بیماریوں، ذیابیطس، دمہ، معدہ اور جلد کے مختلف مسائل کے حل کیلئے نہایت مفید پھل ہے۔ جامن میں اہم غذائی اجزاء جیسے کیلشیم، آئرن، پوٹاشیم، وٹامن سی، فاسفورس، سوڈیم، وٹامن، تھیامن، ربوفلیون، نیاسن، کاربوہائیڈریٹ، گلوکوز، فولک ایسڈ، فائبر، فیٹ، پروٹین اور پانی موجود ہوتے ہیں۔ جو صحت کے لئے بے انتہا مفید ہیں۔ لیکن جو بھی کھائیں اعتدال میں رہتے ہوئے کھائیں۔ ذیل میں جامن کے فوائد بیان ہیں جن سے آپ آسانی سے اپنے روزمرہ مسائل کا حل تلاش کرسکتے ہیں۔

1. جامن معدہ، آنتوں کی جلن، خراش اور کمزوری دور کرنے والی بے مثل غذا ہے۔
2. جامن نشاستہ کو شکر میں تبدیل کرکے بلڈ شوگر کی سطح کو نارمل رکھنے میں مدد کرتا ہے۔ شوگر کے مریضوں کو روزانہ جامن کھانا چاہئے۔
3. بھوک بڑھاتا ہے اور صفرا کا زور توڑ کر معدہ کو طاقت دیتا ہے اور کھانے کو ہضم کرتا ہے۔
4. جامن میں پیاس کی شدت اور خون کی گرمی کم کرنے کی قدرتی تاثیر ہے۔
5. ذیابیطس کے مریضوں کے لئے جامن کا استعمال انتہائی مفید ہے یہ خون میں شکر کی مقدار کو بڑھنے نہیں دیتا۔
6. بڑھی ہوئی تلی کو کم کرنے اور جگر کی صحت کیلئے بہت فائدہ مند ہے نیا خون پیدا کرتا ہے۔
7. گرمی سے نجات کا بہترین ذریعہ ہے لیکن جامن کھانے کے بعد پانی نہ پئیں۔
8. پیشاب کی زیادتی کو کم کرتا ہے مثانہ کی کمزوری دور کرتا ہے۔
9. دانتوں کی صحت کیلئے بھی مفید پھل ہے۔
10. جامن کی گٹھلیاں سکھا کر پیس کر رکھ لیں اور روزانہ تین ماشہ پانی سے کھائیں ذیابیطس کا خاتمہ ہوجائے گا۔
11. کمر اور پیڑوں کے درد سے نجات کے لئے جامن گٹھلی سمیت پیسٹ بنا کر کھائیں۔
12. گرتے ہوئے بالوں کو روکتا ہے۔
13. بڑھی ہوئی تلی کیلئے خالی جامن، جامن کا سرکہ یا جامن کا شربت نہار کر پینا بے حد مفید ہے۔
14. جامن کی چھال کا جوشاندہ دست اسہال اور پیچش میں فائدہ دیتا ہے۔
15. جامن کی چھال کو پانی میں پکا کر غرارے اور کلیاں کرنے سے پھولے ہوئے مسوڑھوں اور گلے آنے کا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔
16. جن کا معدہ کمزور ہو ان کے لئے جامن اور جامن کا سرکہ بہترین دوا کا کام کرتے ہیں۔
17. آنکھوں سے پانی نکلتا ہو یا موتیا آرہا ہو تو جامن کی گٹھلی سکھا کر باریک پیس لیں اور صبح وشام تین تین ماشہ سادہ پانی کے ساتھ لیں۔
18. جن لوگوں کو رات میں برے خواب آتے ہوں ان کو جامن کی گٹھلی کا پاؤڈر صبح وشام کھانا چاہئے۔
19. بیٹھے ہوئے گلے اور آواز کیلئے جامن کی گٹھلیوں کو پیس کر چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر رکھ لیں اور شہد لگا کر چوس لیں۔
20. کیسے بھی دستوں میں جامن کے درخت کے ڈھائی پتے جو نہ زیادہ سخت ہوں نہ زیادہ نرم پیس کر تھوڑا سا نمک ملا کر اس کی گولیاں بنا لیں اور ایک گولی صبح وشام لینے سے دست فوراً رک جائیں گے۔
21. جامن کے پتے السر میں انتہائی مفید ہیں۔
22. جامن کا جوس مدافعتی نظام کو فروغ دیتا ہے۔
23. انیمیا کے شکار افراد جامن ضرور کھائیں۔
24. سو گرام جامن میں 55 ملی گرام پوٹاشیم ہوتا ہے، جو دل کے مریضوں کے لئے اچھا ہے۔
25. جامن کے روزانہ استعمال سے ہائی بلڈ پریشر اور اسٹروک کے خطرے سے بچا جاسکتا ہے۔
26. جامن میں موجود وٹامن سی جلد کے لئے بہترین ہے۔
27. ہچکی کے لئے روزانہ رات کو جامن کی گٹھلی پیس کر دودھ میں ملا کر لگانے سے ہچکی ختم ہو جاتی ہے۔
28. داغ دھبوں سے نجات کے لئے جامن کی گٹھلی کا پاؤڈر، لیموں کا رس، بیسن، بادام کا تیل اور عرق گلاب چند قطرے ملا کر چہرے پر لگائیں جب سوکھ جائے تو دھولیں۔
29. آئلی اسکن کیلئے جامن کا پلپ، جو کا آٹا، آملہ کا رس، اور عرق گلاب ملا کر فیس ماسک کے طور پر استعمال کریں جب سوکھ جائے تو دھولیں۔
30. جامن کا مزاج خشک سرد ہے گرم مزاج رکھنے والوں کے لئے مفید ہے۔

نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کا 22واں مرکزی کنونشن کے انعقاد کا اعلان

کنونشن 20 ستمبر کو راولاکوٹ میں ہوگا، جموں کشمیر سمیت پاکستان بھر سے محنت کش طبقات کے نمائندگان شرکت کریں گے

دنیا بھر کی مظلوم قوموں کی حق آزادی اور حق خودارادیت کی جدوجہد کو ہم اپنی جدوجہد سمجھتے ہیں، خلیل بابر و دیگر کی پریس کانفرنس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کے مرکزی صدر خلیل بابر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ جموں کشمیر کی اولین انقلابی طلبہ تنظیم جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن اپنے 22ویں مرکزی کنونشن کے انعقاد کا اعلان کرنے جا رہی ہے۔ یہ کنونشن 20 ستمبر 2025 کو راولاکوٹ کے مقام پر منعقد کیا جائے گا اور کنونشن میں جموں کشمیر سمیت پاکستان کے مختلف شہروں سے انقلابی طالبعلم رہنما، مظلوم قوموں اور محنت کش طبقات کے رہنما شرکت کریں گے۔ جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن اس خطے کی اولین طلبہ تنظیم ہے، جس نے نہ صرف (بقیہ 01 صفحہ 03)

GHAZI-E-MILLAT PRESS CLUB RAWALAKOT
GMPC

کراچی ہاکس بے روڈ پر حادثہ، 4افراد جاں بحق ہوگئے

تیز رفتار کار ڈرائیور سے بے قابو ہو کر نالے کی دیوار سے جا ٹکرائی

کراچی (صباح نیوز) کراچی میں منگل کو پیش آنے والے افسوسناک حادثے میں خاتون اور دو بچیوں سمیت 4افراد جاں بحق ہوگئے۔ ساحلی علاقے ہاکس بے روڈ پر پیش آنے والے افسوسناک حادثے میں قیمتی جانی نقصان ہوا ہے۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ہاکس بے روڈ پر تیز رفتار کار ڈرائیور سے بے قابو ہو کر نالے کی دیوار سے جا ٹکرائی، حادثہ موڑ کاٹنے کے دوران پیش آیا، انہوں (بقیہ 02 صفحہ 03)

اٹک، تین افراد تالاب میں ڈوب کر جاں بحق

اٹک (صباح نیوز) ضلع اٹک میں ماں، بیٹی اور بیٹا تالاب میں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔ واقعہ ضلع اٹک کے شہر پنڈی گھیب کے علاقے پیرانہ گاؤں میں پیش آیا جہاں ماں بیٹے اور بیٹی سمیت ڈوب کر زندگی کی بازی ہار گئے۔ پولیس نے (بقیہ 03 صفحہ 03)

نوجوانوں کی مہارت کا عالمی دن آج ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) نوجوانوں کی مہارت کا عالمی دن آج منایا جا رہا ہے۔ اس سال موضوع ہے "اے آئی اور ڈیجیٹل مہارتوں کے ذریعے نوجوانوں کو با اختیار بنانا" اقوام (بقیہ 05 صفحہ 03)

بحرانوں سے نجات کیلئے تحریک کی ضرورت ہے، لیاقت بلوچ

نائب امیر جماعتِ اسلامی کی خانیوال پریس کلب کے وفد سے بات چیت

لاہور (صباح نیوز) نائب امیر جماعت اسلامی، مجلس قائمہ سیاسی، قومی امور کے صدر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان اسلامی نظریاتی ملک ہے، قرآن و سنت کا نظام اور آئین پاکستان کا مکمل نفاذ ہی قومی وحدت، یکجہتی اور اتحاد کو برقرار رکھ سکتا ہے۔ منصورہ میں خانیوال پریس کلب کے صدر اور سینئر عہدیداران، مرکزی جمعیت اہل حدیث کے نائب امیر ڈاکٹر عبدالغفور راشد (بقیہ 04 صفحہ 03)

ڈسٹرکٹ ہسپتال باغ میں ڈاکٹرز کی کمی، ادویات ناپید، نوٹس کا مطالبہ

سرجن نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو آپریشن کی تاریخ دیے جانے کے باوجود انہیں راولاکوٹ ریفر کیا جانے لگا

مسائل کو حل نہ کیا گیا تو شدید احتجاج پر مجبور ہوں گے، مریضوں کی مشکلات اور تکالیف کا فوری خاتمہ کیا جائے، مطالبہ

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ ہسپتال باغ میں ڈاکٹرز کی کمی اور ادویات ناپید ہو گئی ہیں مریضوں کو ہسپتال کے اندر سے کوئی بھی ادویات میسر نہیں باہر سے لینے پر مجبور مریض پریشان، باغ ڈسٹرکٹ ہسپتال میں ڈاکٹر سرجن نہ ہونے کی وجہ سے اپنڈکس کے مریضوں کو داخل کرنے کے بعد آپریشن کی تاریخ دینے کے باوجود عین اس آپریشن کے وقت مریضوں کو راولاکوٹ کی طرف ریفر کر دیا جاتا ہے، اکثر غریب لوگ راولاکوٹ اور راولپنڈی میں اپنا علاج (بقیہ 06 صفحہ 03)

راولاکوٹ، سیکرٹری سپورٹس یوتھ و کلچر محترمہ تہذیب النساء کو کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمٰن شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ایبٹ آباد، BHMUN 2025 میں کیڈٹس کی بھرپور شرکت و نمائندگی

راولاکوٹ سے تعلق رکھنے والے کیڈٹ عبدالاحد خان آفتاب کی ڈبلیو ایچ او کمیٹی میں بھرپور انداز میں شرکت

عبدالاحد ممبر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ سردار آفتاب عارف کے صاحبزادے ہیں، مختلف زعماء کا بھرپور خراج تحسین

ایبٹ آباد (دھرتی نیوز) آرمی برن ہال کالج ایبٹ آباد میں منعقدہ برن ہال ماڈل یونائیٹڈ نیشنز (BHMUN) پروگرام 2025 میں پاکستان بھر سے تعلق رکھنے والے کیڈٹ کالجز، آرمی و پی اے ایف کالجز، سول کالجز اور جامعات کے 390 سے زائد کیڈٹس و طلبہ نے بھرپور شرکت کی۔ ماڈل یونائیٹڈ نیشنز ایک عالمی معیار کا تعلیمی پروگرام ہے جس میں طلباء اقوام متحدہ کے مختلف اجلاسوں کی عملی مشق کرتے ہیں۔ اس دوران وہ مختلف ممالک کی نمائندگی کرتے ہوئے عالمی نوعیت کے مسائل جیسے کہ امن، انسانی حقوق، ماحولیاتی تبدیلی، صحت عامہ اور پناہ گزینوں کے مسائل پر سیر حاصل مباحثہ کرتے (بقیہ 07 صفحہ 03)

مظفرآباد اور جہلم ویلی کے ٹرانسپورٹرز کے درمیان تنازعہ

پہیہ جام ہڑتال، مسافروں کو شدید مشکلات، حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ

چناری (خصوصی رپورٹر) مظفرآباد اور جہلم ویلی کے ٹرانسپورٹرز کے درمیان ٹائم کے تنازعہ پر جہلم ویلی بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ کی پہیہ جام ہڑتال، عوام، سرکاری ملازمین کو سفر میں شدید مشکلات کا سامنا، اندرون ضلع پرائیویٹ گاڑیاں، موٹر سائیکل چلتے رہے۔ تفصیلات کے مطابق مظفرآباد اور جہلم ویلی کے ٹرانسپورٹرز کے درمیان ٹائم کے تنازعہ پر منگل کے روز جہلم ویلی بھر میں پبلک ٹرانسپورٹ نے مکمل پہیہ جام ہڑتال کی، البتہ اندرون ضلع پرائیویٹ گاڑیاں، موٹر سائیکل چلتے رہے۔ (بقیہ 08 صفحہ 03)

قلات اور اطراف میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.4 ریکارڈ

قلات (صباح نیوز) بلوچستان کے ضلع قلات اور اطراف میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ شدت ریکٹر سکیل پر 4.4 ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کا مرکز قلات سے 43 کلومیٹر جنوب میں واقع تھا جبکہ اس کی زیر زمین گہرائی 40 کلومیٹر تھی۔ زلزلے کے (بقیہ 09 صفحہ 03)

باغ، عبدالرحیم شہید میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ اختتام پذیر

فائنل میچ میں رحیم شہید کرکٹ کلب چترہ کی فتح، شائقین کی بھرپور داد

باغ (دھرتی نیوز) چوتھا سردار عبدالرحیم شہید میموریل کرکٹ ٹورنامنٹ سنسنی خیز مقابلے کے بعد رحیم شہید کرکٹ کلب چترہ نے فائنل میچ اپنے نام کیا۔ اس ٹورنامنٹ کا آغاز ضلع پونچھ اور باغ کے سنگم پر واقع مشہور سیاحتی مقام چترہ ٹوپی میں 30 جون کو ہوا۔ مجموعی طور پر ٹورنامنٹ میں 50 ٹیموں نے حصہ لیا۔ تمام ٹیمز میں آزاد کشمیر اور پاکستان سے 2 اوپن پلیئرز کی بنیاد پر ٹیپ بال کرکٹ کے سٹار کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ برہان وانی شہید کرکٹ کلب چترہ اور رحیم شہید (بقیہ 10 صفحہ 03)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں میں توسیع

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں درخواستوں کی سماعت مکمل

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانتوں میں عدالت نے 9 ستمبر تک توسیع کر دی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 6 اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی ایک ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواست پر سماعت ہوئی، جس میں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج افضل مجوکا نے عمران خان اور (بقیہ 20 صفحہ 03)

کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد میں تھیسس نمائش کا انعقاد

طلبا کے ڈیزائن کردہ شرٹس، بیگز اور بیجز پر ہنرمندی کی حوصلہ افزائی

اسلام آباد (صباح نیوز) کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد نے شعبہ پی ایس ڈیزائن اینڈ فائن آرٹس کے فائنل سمسٹر کے طلبا کے تھیسس کی نمائش کا انعقاد کیا۔ کیمپس پینٹنگز، مجسمہ سازی، ڈیجیٹل ڈیزائنز اور جدید آرٹ انسٹالیشنز کی نمائش کرتے ہوئے ایک جیتا جاگتا آرٹ گیلری بن گیا۔ یہ (بقیہ 19 صفحہ 03)

سنگولہ، نمائندہ وفد کی پوسٹ آفس کے مسائل پر تشویش

اہلکار کی تنخواہ کی بحالی، برانچ کو فعال بنانے کیلئے ہنگامی اقدامات پر زور

سنگولہ (نمائندہ خصوصی) یونین کونسل سنگولہ کا نمائندہ وفد جس کی قیادت سابق امیدوار برائے ڈسٹرکٹ کونسلر زبیر احمد قادری کر رہے تھے جبکہ محمد حنیف اعوان، محمد اکبر خان، محمد کبیر اعوان، محمد اختر اعوان، شفیق الرحمٰن، محمد ارشاد صوبیدار (ر) محمد شاکر اعوان، محمد شفیع، محمد تحسین و دیگر نے اخبار (بقیہ 18 صفحہ 03)

چناری، وزیر تعلیم آزاد کشمیر کا نواحی علاقہ سرائی کا دورہ

متعدد افراد مختلف جماعتوں سے مستعفی ہو کر دیوان چغتائی کے قافلہ میں شامل

چناری (خصوصی رپورٹر) وزیر تعلیم سکولز آزاد کشمیر دیوان علی خان چغتائی کا قافلہ جس میں ضلع کونسل جہلم ویلی طیب منظور کیانی کے ہمراہ جہلم ویلی کے علاقہ (سرائی) کا دورہ، سرائی نمبردار محلہ پہنچنے پر وزیر تعلیم کا شاندار استقبال، درجنوں سیاسی کارکن دیگر سیاسی جماعتوں کو چھوڑ کر وزیر تعلیم کے قافلہ کا حصہ بن گئے تفصیلات کے مطابق نمبردار محلہ سرائی میں منعقدہ تقریب میں نمبردار محمد تجلی (بقیہ 17 صفحہ 03)

عمر ایوب کی احتجاج کے مقدمات میں ضمانت خارج

انسداد دہشتگردی عدالت نے عدم پیروی پر عبوری ضمانت خارج کر دی

راولپنڈی (صباح نیوز) انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف عمر ایوب کی 26 اور 24 نومبر کے 14 سے زائد مقدمات میں ضمانتیں خارج کرتے ہوئے گرفتاری کا حکم جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اے ٹی سی کے جج امجد علی شاہ نے عدم پیروی پر 14 سے زائد مقدمات میں عبوری ضمانت خارج کی۔ عدالت نے کہا کہ عمر ایوب کو گرفتار کرکے عدالت (بقیہ 16 صفحہ 03)

دہشت گردی کو ہر صورت شکست دیں گے، طاہر کھوکھر

دشمن نے ہماری پرامن فطرت کو کمزوری سمجھا تو وہ سخت غلط فہمی میں ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر اور سابق وزیر محمد طاہر کھوکھر نے بلوچستان میں جاری دہشت گردی اور معصوم شہریوں کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بے گناہ اور محنت کش افراد کو شناخت کی بنیاد پر نشانہ بنانا ایک بزدلانہ اور قابل مذمت عمل ہے جسے پاکستانی قوم کسی صورت برداشت نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے (بقیہ 15 صفحہ 03)

آزاد کشمیر میں مون سون شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز

موسمیاتی تبدیلیوں کے پیش نظر شجرکاری ناگزیر ہے، رضا کاران

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد کشمیر میں مون سون شجرکاری مہم کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس مہم کے تحت ماحول دوست پودے عوام کو مفت فراہم کیے جا رہے ہیں، جبکہ رضا کاروں کی ٹیم مختلف علاقوں میں شجرکاری میں مصروف ہے۔ راجہ شکیل خان اور ان کی رضا کار ٹیم نے رواں مون سون سیزن میں 5 ہزار پودے لگانے کا ہدف مقرر کیا ہے۔ اس مہم کی افتتاحی تقریب آرگینک گروورز فارم (بقیہ 14 صفحہ 03)

پی ٹی آئی صرف فساد کیلئے بنی ہے، عرفان صدیقی

حکومت کو عمران خان سے رابطہ کی ضرورت ہے نہ ایسا ارادہ رکھتی ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما، سینٹ میں مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی پارٹی لیڈر اور امور خارجہ کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ حکومت کی از خود تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان سے رابطہ کرنے کی کوئی ضرورت ہے، نہ وہ ایسا ارادہ رکھتی ہے۔ عمران خان آج جہاں بیٹھے ہیں اس میں حکومت کا کوئی عمل دخل نہیں، ہم نے ان پر چرس، ہیروئن یا الفیڈرین (بقیہ 13 صفحہ 03)

راولاکوٹ برمنگ کلاں میں خواتین کیلئے سلائی سنٹر کا قیام

الخدمت فاؤنڈیشن ضلع پونچھ کی جانب سے اقدام پر بھرپور خراج تحسین

راولاکوٹ (پریس ریلیز) الخدمت فاؤنڈیشن ضلع پونچھ کے زیر اہتمام برمنگ کلاں، آزاد گلی میں خواتین کی فلاح و بہبود اور معاشی خود انحصاری کے لیے سلائی سنٹر کا افتتاح کیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں معزز خواتین، مقامی عمائدین اور الخدمت کے نمائندگان نے شرکت کی۔ صدر الخدمت ضلع پونچھ جاوید اقبال خواجہ نے خطاب میں کہا کہ الخدمت معاشرتی فلاح و ترقی کے لیے کوشاں ہے اور خواتین (بقیہ 11 صفحہ 03)

پشاور، لاپتہ افراد سے متعلق 22 درخواستوں پر حکومتوں سے جواب طلب

پشاور (صباح نیوز) پشاور ہائی کورٹ نے لاپتہ افراد سے متعلق 22 درخواستوں پر وفاقی اور صوبائی حکومت سے جواب طلب کر لیا۔ کیس کی سماعت چیف جسٹس پشاور ہائی کورٹ (بقیہ 12 صفحہ 03)

نیلم، سیکرٹری بہبود آبادی وجاہت رشید بیگ ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال آٹھمقام ڈاکٹر سجاد حسین کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

نو منتخب ایگزیکٹو باڈی بنجوسہ ڈویلپمنٹ کونسل کی تقریب حلف برداری

سردار زاہد صدر، حلیم رفیق سینئر نائب صدر، ڈاکٹر شائمہ نائب صدر، منظور حسین جنرل سیکرٹری، عمران حنیف جوائنٹ سیکرٹری، قمر ارشاد فنانس کو آرڈینیٹر نامزد

بی ڈی سی کے قیام کا مقصد بنجوسہ میں اتحاد اور امن کے ذریعہ ترقی و خوشحالی کے ذریعے بنجوسہ کو ماڈل ویلیج میں بنانا ہے

نو منتخب عہدیداران مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیتے ہوئے بھرپور کردار ادا کریں گے، زاہد محمود، جمیل خان و دیگر کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) بنجوسہ ڈویلپمنٹ کونسل کی نو منتخب ایگزیکٹو باڈی کی حلف برداری کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد گورنمنٹ تفہیم العلوم بوائز ہائی سکول بنجوسہ میں کیا گیا جس میں بڑی تعداد میں کونسل ممبران کے علاوہ معززین علاقہ نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی بریگیڈیئر (ر) جمیل خان تھے جبکہ صدارت نو منتخب صدر بنجوسہ ڈویلپمنٹ کونسل سردار زاہد محمود نے کی۔ نظامت کے فرائض سردار منظور حسین جنرل سیکرٹری بنجوسہ ڈویلپمنٹ کونسل نے ادا کیے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز نو منتخب سینئر نائب صدر سردار حلیم رفیق نے تلاوت قرآن پاک سے کیا، جبکہ نعت رسول مقبول صلی اللہ (بقیہ 21 صفحہ 03)

بن جوسہ: ڈویلپمنٹ کونسل کی تقریب حلف برداری سے سردار زاہد محمود، بریگیڈیئر (ر) جمیل خان، سردار دیاض، پروفیسر ڈاکٹر رخسانہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

سندھ، 36 پرائیویٹ سیکیورٹی کمپنیوں کے لائسنس منسوخ

41 کو شوکاز نوٹسز جاری، اقدام قواعد و ضوابط کی خلاف ورزیوں پر کیا گیا

کراچی (صباح نیوز) حکومت سندھ نے قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی پر 36 پرائیویٹ سیکیورٹی کمپنیوں کے لائسنس منسوخ اور 41 دیگر کمپنیوں کو شوکاز نوٹس جاری کر دیے۔ یہ بات ایڈیشنل چیف سیکیورٹی ہوم ڈیپارٹمنٹ محمد اقبال میمن نے وزیر داخلہ ضیا الحسن لنجار کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتائی۔ محمد اقبال میمن نے اجلاس کو بتایا کہ اس وقت صوبائی (بقیہ 23 صفحہ 03)

اسلام آباد، معرکہ حق اور یوم آزادی کی تقریبات کے انتظامات کا جائزہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے پیر کو اسلام آباد میں جناح سٹیڈیم اور ایف نائن پاکستان مونومنٹ پارک (بقیہ 22 صفحہ 03)

غیر کشمیری باشندوں کو مقبوضہ کشمیر میں بسایا جا رہا ہے، تحریک کشمیر یورپ

کشمیریوں کے ساتھ اقوام متحدہ نے جو وعدہ کیا تھا وہ ابھی تک پورا نہیں کیا گیا اور مسئلہ کے حل کیلئے کوششیں نہیں کی گئیں

بھارتی سازشوں کی وجہ سے کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگا اور دنیا کا امن بھی خطرے سے دوچار ہوگا، محمد غالب کی تشویش

برمنگھم (صباح نیوز) تحریک کشمیر یورپ کے صدر محمد غالب نے کہا کہ 13 جولائی 1931 کے شہدائے کشمیر کی قربانیوں کا تسلسل جاری ہے کشمیریوں نے کبھی غلامی کو قبول نہیں کیا۔ 1947 میں تین لاکھ کشمیریوں نے جانوں کے نذرانے پیش کیے اور گذشتہ 40 سالوں میں آزادی کی جدوجہد میں ایک تاریخ رقم کی ہے اور دس لاکھ بھارتی فوج کے خلاف ڈٹے ہوئے ہیں اور اپنے حق خودارادیت سے دستبردار ہونے کے لیے تیار نہیں۔ یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کشمیریوں کے ساتھ اقوام متحدہ نے جو وعدہ کیا تھا وہ ابھی تک پورا نہیں کیا۔ مسلمانوں کے کسی (بقیہ 24 صفحہ 03)

کشمیریوں کے حقوق کی بحالی ناگزیر ہے، عمر فاروق

عمر عبداللہ اب کشمیری کے عزت و وقار کے تحفظ پر اپنی توجہ مرکوز کریں

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میرواعظ عمر فاروق نے جموں و کشمیر پر بھارت کے غیر قانونی قبضے کی وجہ سے کشمیری عوام کو درپیش مشکلات اور مسائل کو اجاگر کیا ہے۔ میرواعظ عمر فاروق نے ایکس پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ طاقت کم اور بے بسی زیادہ سکھاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو اسی آمریت اور بے بسی کا مزہ چکھنا پڑا جس کا عام (بقیہ 26 صفحہ 03)

اڈیالہ جیل میں دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے پولیس، رینجرز و دیگر اداروں کی تربیتی مشق

راولپنڈی (صباح نیوز) راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں دہشتگردی سے نمٹنے کیلئے مشقیں کی گئیں، پولیس، رینجرز، ریسکیو 1122، فائر بریگیڈ، سول ڈیفنس، بم ڈسپوزل سکواڈ کے اہل (بقیہ 25 صفحہ 03)

سوات، جماعت اسلامی کے تنظیمی و تربیتی اجتماع کا انعقاد

نیکی کا فروغ اور برائی سے ممانعت دینی فریضہ ہے، ڈاکٹر حمیرا طارق

سوات (صباح نیوز) حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا ہے کہ نیکی کا فروغ اور برائی سے ممانعت مسلم خواتین کا دینی فریضہ ہے، اس مقصد کو اجتماعیت کی شکل دینے کا نام جماعت اسلامی ہے۔ جماعت اسلامی نے خواتین کو یہ شعور دیا ہے کہ معاشرے میں حق و انصاف کی بالادستی متوازن معاشرے کے لیے اہم ترین ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں (بقیہ 28 صفحہ 03)

ڈاکٹر عارف علوی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست

لاہور (صباح نیوز) لاہور کی سیشن عدالت نے سابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کے خلاف مقدمہ درج کرنے کی درخواست پر متعلقہ حکام کو انکوائری مکمل کرکے رپورٹ عدالت میں جمع کروانے کا حکم دے دیا، اور درخواست گزار کو ہدایت کی (بقیہ 27 صفحہ 03)

دیار غیر میں کشمیری نوجوان کی ایمانداری و دیانتداری کی اعلیٰ مثال

راولاکوٹ مجاہد آباد سے تعلق رکھنے والے نوجوان سردار عفیف اشفاق نے 35 ہزار ریال اصل مالک تک پہنچا دی

کمپنی کی جانب سے نوجوان کو تعریفی سرٹیفکیٹ، معروف سیاسی و سماجی نوجوان سردار ذیشان و دیگر کا نوجوان کو خراج تحسین پیش

سعودی عرب (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر کے ضلع راولاکوٹ مجاہد آباد سے تعلق رکھنے والے نوجوان سردار عفیف اشفاق نے دیانتداری کی اعلیٰ مثال قائم کر دی۔ سعودی عرب میں محنت مزدوری کے سلسلے میں مقیم عفیف اشفاق کو حال ہی میں کمپنی میں کام کے دوران 35 ہزار سعودی ریال (تقریباً 26 لاکھ پاکستانی روپے) کی گمشدہ رقم ملی۔ انہوں نے (بقیہ 29 صفحہ 03)

مسلم لیگ ن جہلم ویلی کا ہٹیاں بالا میں بڑا پاور شو

درجنوں علاقوں سے سینکڑوں کارکنان کی شرکت، بھرپور جدوجہد کا عزم

چناری (خصوصی رپورٹر) پہیہ جام ہڑتال، بارش کے باوجود مسلم لیگ ن جہلم ویلی کے سابق صدر، سابق ایڈمنسٹریٹر ضلع کونسل جہلم ویلی محمد فرید خان مسلم لیگ حلقہ سات کا ضلعی ہیڈکوارٹر ہٹیاں بالا میں بڑا شو آف پاور کرنے میں کامیاب۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن ضلع جہلم ویلی کے سابق صدر محمد فرید خان کی جانب سے بلائے جانے والے کارکنان کے مشاورتی اجلاس میں کارکنان مسلم لیگ (بقیہ 31 صفحہ 03)

ڈوڈا ٹریفک حادثے میں 5افراد ہلاک اور 17 زخمی ہو گئے

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کے ضلع ڈوڈا میں ایک گاڑی سڑک سے پھسل کر گہری کھائی میں گرنے سے 5 افراد ہلاک اور 17 زخمی ہو گئے ہیں۔ گاڑی ضلع کے علاقے پونڈہ میں ڈوڈا۔ بھارتھ سڑک سے پھسل کر کھائی میں گری (بقیہ 30 صفحہ 03)

باغ، جعلی فیس بک آئی ڈی کے ذریعے لڑکیوں کو بلیک کرنے والا ملزم گرفتار

ملزم مبینہ طور پر معصوم معصوم اور کشمیری شہزادی کے نام سے فیک آئی ڈیز بنا کر مختلف لڑکیوں کو بلیک میل کرتا رہا ہے

اپنے ارد گرد ایسے اوباش صفت لڑکوں پر نظر رکھیں اور ایسی سرگرمیوں میں ملوث افراد کی نشاندہی کریں، پولیس ترجمان

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) باغ پولیس کی کارروائی فیک آئی ڈیز بنا کر لڑکیوں کو بلیک میل کرنے والا ملزم گرفتار، تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی باغ راجہ اکمل خان کی ہدایت پر ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر سیاب احمد عباسی کی زیر نگرانی باغ پولیس کی میڈیا مانیٹرنگ جاری، محرم الحرام میں مذہبی منافرت کی روک تھام کے بعد مختلف جعلی آئی ڈیز بنا کر لڑکیوں کو بلیک میل کرتے والا ملزم گرفتار کر لیا انسپکٹر ایس (بقیہ 32 صفحہ 03)

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom
روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
HD NEWS

چیف ایڈیٹر و پبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

بقیہ 1

طلبہ حقوق کی بازیابی کے لیے ایک لازوال جدوجہد کی ہے بلکہ جموں کشمیر کی قومی آزادی اور طبقاتی نجات کے لیے محنت کش طبقات کے ساتھ مل کر اس خطے میں ایک حقیقی انقلابی جدوجہد کو منظم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ ایک طویل عرصے تک عوامی حقوق کی بازیابی کے لیے جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن نے اس خطے کے طالبعلموں اور نوجوانوں کے ہمراہ حقیقی اپوزیشن کا کردار ادا کیا ہے۔ جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ اس نے اس خطے کے نوجوانوں اور محنت کشوں کو جدید سائنسی سوشلزم کے نظریات سے نہ صرف روشناس کروایا بلکہ ان نظریات کی بنیاد پر ایک متبادل انقلابی قیادت کی تعمیر کا فریضہ بھی سرانجام دیا ہے۔ اس جدوجہد کے دوران جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کو ریاستی جبر و تشدد اور انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جاتا رہا ہے لیکن سائنسی سوشلزم کے انقلابی نظریات سے لیس جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کے کارکنوں نے ہر عہد میں ریاستی جبر کا جواں مردی سے سامنا کیا ہے۔ 22 ویں مرکزی کنونشن کے سلسلہ میں آج سے ہم رابطہ مہم کا آغاز کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں جموں کشمیر اور پاکستان سمیت دنیا بھر میں کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں رابطہ اجلاس، ممبرشپ مہم اور پریس کانفرنسوں کا اہتمام کریں گے۔ جموں کشمیر کے تمام شہروں میں تعلیمی اداروں کے باہر رابطہ مہم کے سلسلے میں کیمپ لگائے جائیں گے اور دیہاتوں میں نوجوانوں کی سرگرمیاں منظم کی جائیں گی۔ کنونشن کے سلسلے میں بڑے پیمانے پر لٹریچر کی اشاعت کو یقینی بنایا جائے گا اور طلبہ مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ اس خطے کے محنت کشوں کے معاشی، سیاسی اور جمہوری حقوق کی جدوجہد، اور جموں کشمیر کی غلامی سے نجات کا پروگرام نوجوانوں، محنت کشوں اور عوام کے سامنے رکھا جائے گا۔ کنونشن کے موقع پر راولاکوٹ میں ایک تاریخ ساز طلبہ حقوق مارچ اور جلسہ عام منعقد کیا جائے گا۔ کنونشن میں نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کی نئی کابینہ کا انتخاب بھی کیا جائے گا۔ وہ غازی ملت پریس کلب (رجسٹرڈ) راولاکوٹ میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ مرکزی ڈپٹی چیف آرگنائزر ارسلان شانی، چیئرمین ضلع پونچھ مجیب خان، چیئرمین مالیاتی بورڈ دانش یعقوب، مرکزی ایڈیٹر عزم جدوجہد رفیق، جنرل سیکرٹری جامعہ پونچھ طیبہ اسلم، مریم شعیب، چیئرمین مظفرآباد اذان علی، احسن خان، ماہ نور اسلم، دانش فدا، ملک زاہد، سیف خان، برہان حلیم، عباد خان اور دیگر طلبہ بھی موجود تھے۔ مرکزی صدر کا مزید کہنا تھا کہ آج جس عہد میں ہم اپنی زندگیاں گزار رہے ہیں، یہ انتہائی پرانتشار عہد ہے۔ دنیا بھر میں سرمایہ دارانہ نظام کی کل جارحیت جاری ہے۔ اس سامراجی نظام کی ناکامی اور بحران کا تمام تر بوجھ محنت کشوں پر ڈالا جا رہا ہے اور اس بحران سے نکلنے کے لیے نئی سامراجی خونریزیوں کا سلسلہ عروج پر ہے۔ آج جنوب ایشیا سے مشرق وسطیٰ، یورپ اور افریقہ تک جنگوں اور خونریزیوں میں انسانیت کو تاراج کیا جا رہا ہے۔ منڈیوں اور تجارتی راستوں پر قبضے، تذویراتی اور سامراجی مقاصد کے حصول کے لیے دنیا بھر کے حکمران طبقات محنت کشوں کے خون کی ہولی کھیلنے میں مصروف ہیں

بقیہ 2

نے بتایا کہ کار کسی طور پر تباہ ہوئی، جاں بحق افراد میں خاتون اور بچی بھی شامل ہے، لاشیں اور زخمیوں کو سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ گزشتہ روز شارع فیصل کارساز کے قریب تیز رفتار کار کی ٹکر کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار اور کار میں بیٹھے افراد زخمی ہو گئے تھے۔ پولیس نے بتایا تھا کہ حادثے میں موٹر سائیکل سوار اور کار میں بیٹھے افراد زخمی ہوئے، موٹر سائیکل سوار کو زخمی حالت میں جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حکام کا کہنا تھا کہ کار ڈرائیور کو حراست میں لے کر تھانے منتقل کر دیا، حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا جس میں گاڑی کا اگلا حصہ تباہ ہو گیا۔

بقیہ 3

لاشوں کو سول ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ خاتون نے ڈوبتے بچوں کو بچانے کیلئے تالاب میں چھلانگ لگائی تھی لیکن تالاب کا پانی گہرا ہونے کے باعث تینوں ڈوب کر جاں بحق ہو گئے۔

بقیہ 4

سے ملاقات اور تحریک محنت کے سابق صدر تینی برلی کے انتقال پر ان کے اہل خانہ سے تعزیت اور وارد قہ والا کی جامع مسجد فردوس میں جماعت اسلامی ضلع شرقی کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سیاست اور ریاست کے نظام کو بحرانوں سے نجات کے لیے عوامی سطح پر بڑی تحریک اور عوامی منظم جدوجہد کی ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی کی ہر سطح کی تنظیم ممبر سازی کے بعد وسیع پیمانے پر عوامی کمیٹیاں قائم کریں، دعوت دین اور عوامی مسائل کے حل کے لیے گراس روٹ لیول سے ملک گیر منظم آواز بلند کی جائے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ پاکستان اسلامی نظریاتی ملک ہے، قرآن و سنت کا نظام اور آئین پاکستان کا مکمل نفاذ ہی قومی وحدت، یکجہتی اور استحکام کو برقرار رکھ سکتا ہے۔ یہ قومی المیہ ہے کہ سندھ میں پیپلز پارٹی، پنجاب میں مسلم لیگ ن، کے پی کے میں تحریک انصاف کی حکومتیں صرف اپنی نااہلی اور خراب کارکردگی کو چھپانے کے لئے تعصبات، نفرتوں اور ایک دوسرے پر الزام تراشیوں اور اشتہار بازی، مارکیٹنگ سوشل میڈیا کے ذریعے عوام کو لڑانے اور بیوقوف بنانے کا کاروبار کر رہی ہیں

بقیہ 5

کے سیکرٹری جنرل نے 15 جولائی 2014 کو نوجوانوں کی مہارتوں کے عالمی دن کے طور پر منانے کا اعلان کیا تھا۔ اس کا مقصد نوجوانوں کو روزگار، مہذب کام اور کاروباری مواقع کے لئے انہیں ہنر سے آراستہ کرنے کی تزویراتی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ یہ دن نوجوانوں کی پیشہ ورانہ مہارتوں کو اجاگر کرنے اور ان کی ترقی کے مواقع فراہم کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ اس دن کا مقصد نوجوانوں کو ہنرمند بنانا اور انہیں بااختیار بنانا ہے تاکہ وہ معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

بقیہ 6

میں کروائے حکومت آزاد کشمیر اور محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام ڈسٹرکٹ ہسپتال میں ڈاکٹروں کی کمی کو جلد پورا کیا جائے بصورت دیگر عوام سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور محکمہ صحت پر عائد ہوگی ان خیالات کا اظہار باغ کے رہائشی بابر شریف نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میرے بیٹے کو اپنڈکس تھا جس کو شدید تکلیف میں ڈسٹرکٹ ہسپتال باغ لے کر آیا جہاں ڈاکٹروں نے چیک اپ کے بعد آپریشن کی ڈیٹ دی مگر آپریشن کے وقت انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس سرجن ڈاکٹر نہیں ہے آپ کے مریض کو راولاکوٹ ریفر کرتے ہیں آپ وہاں جا کر آپریشن کروائیں میں ایک غریب آدمی ہوں اور ایمرجنسی میں میرے جیسے کئی ایسے لوگ ہوں گے جو اپنا علاج معالجہ نہیں کروا سکتے ہیں حکومت فوری طور پر اس ہسپتال کے ڈاکٹروں سمیت دیگر مسائل کو بھی فوری حل کروائیں ایک مریض زاہد حسین باہر کو اپنڈکس کی بیماری کے باعث داخل کیا گیا کہ کل آپکا آپریشن ہو گا دوسرے دن گیارہ بجے جب آپریشن کا ٹائم آیا تو یہ کہہ کر مریض کو راولاکوٹ ریفر کر دیا گیا کہ ہمارے پاس سرجن ڈاکٹر موجود نہیں ہے اتنے بڑے ہسپتال میں ایک سرجن ڈاکٹر موجود نہیں مریض ذلیل و خوار ہو رہے ہیں حکام بالا نوٹس لیتے کا مطالبہ ورنہ ہسپتال کے سامنے دھرنا دیا جائے گا۔

بقیہ 7

ہیں۔ کیڈٹ کالج پلندری کا سات رکنی وفد بھی اس یادگار پروگرام میں شریک ہوا۔ وفد کی قیادت ادارے کے سینئر استاد اور کیڈٹ عبدالاحد خان نے کی اس موقع پر راولاکوٹ سے تعلق رکھنے والے کیڈٹ عبدالاحد خان آفتاب نے نیوزی لینڈ کی نمائندگی کرتے ہوئے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (W H O) کی کمیٹی میں بھرپور انداز میں شرکت کی اور صحت کے عالمی مسائل پر اپنے خیالات کا بھرپور دفاع کیا۔ یاد رہے کیڈٹ عبدالاحد ممبر میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ سردار آفتاب عارف کے صاحبزادے ہیں ادارے کی جانب سے کیڈٹس کی اس شرکت کو نہ صرف سراہا گیا بلکہ انہیں مستقبل میں بھی ایسے علمی و فکری مقابلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تلقین کی گئی۔

بقیہ 8

چیئرمین ٹرانسپورٹ یونین جہلم ویلی راجہ محمد فرید خان کا موقف ہے کہ مظفرآباد، جہلم ویلی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے عدالتی سٹے آرڈرز کے باوجود جہلم ویلی کے مقامی ٹرانسپورٹرز کے خلاف کارروائیاں کر رہے ہیں۔ بااثر، غنڈہ عناصر کو فائدہ پہنچا کر لوکل ٹرانسپورٹ سروس کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے، جو کہ ناقابل قبول ہے، ہماری گاڑیاں چالیس چالیس سال سے مکمل قانونی تقاضے پورے کر کے چل رہی ہیں، نئی گاڑیوں کو جہلم ویلی کے روٹس پر ڈال کر پرانے ٹرانسپورٹرز کی روزی پر حملہ کیا جا رہا ہے، جب تک عدالتی احکامات پر مکمل عملدرآمد اور ٹرانسپورٹرز کے تحفظات کا ازالہ نہیں ہوتا ہمارا پرامن احتجاج جاری رہے گا۔ مظفرآباد اور جہلم ویلی کے ٹرانسپورٹرز کے درمیان پائے جانے والے تنازعہ کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے اور ہڑتال ختم کروانے کے لیے متحرک ہے۔

بقیہ 9

خطے لاٹ اور قریبی علاقوں میں واضح طور پر محسوس کیے گئے، جس کے باعث شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور لوگ گھروں سے باہر نکل آئے۔ تاحال کسی قسم کے جانی یا مالی نقصان کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی، مقامی انتظامیہ اور ریسکیو ادارے صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لئے تیار ہیں۔

بقیہ 10

کرکٹ کلب چترہ کے درمیان کھیلا گیا جس میں تیز مقابلے کے بعد رحیم شہید کرکٹ کلب چترہ نے 2025 چیمپئن کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ فائنل تقریب میں ہزاروں تماشائیوں نے چترہ گراؤنڈ میں شرکت کی اور شاندار کھلاڑیوں کے کھیل سے لطف اندوز ہوئے۔ ٹورنامنٹ کے فائنل میچ کے مہمان خصوصی سابق امیدوار ڈسٹرکٹ کونسل ضلع باغ سردار نعیم حیات خان تھے اور صدر تقریب سابق چیئرمین پی ڈی اے سردار ہرک شریف تھے۔ چیئرمین انتظامیہ کمیٹی سردار ابصار اشرف، سردار نثار خان، سردار اسماعیل اسحاق، سردار نوشاد یونس، سردار وحید اشرف، چیف آرگنائزر کمیٹی سردار سہیل اشرف، سردار شاہد بابر، سردار سیف، سردار توقیر، سردار نوید میڈیا کو آرڈینیٹر، سردار عرفان قادری چیف پیٹرن سردار نعیم حیات خان، سردار وقار اسحاق، سردار عامر حنیف، فائنل میچ میں خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی و چیف پیٹرن آف ٹورنامنٹ سردار نعیم حیات خان نے انتظامیہ کمیٹی رحیم شہید کرکٹ کلب کو بہترین انتظامات کے ساتھ کامیاب ایونٹ کے انعقاد پر اور اس ایونٹ کی چیمپئن ٹیم کو ایک لاکھ روپے نقد کیش انعام دیا

بقیہ 11

کو ہنرمند بنا کر انہیں باعزت روزگار کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سلائی سنٹر خواتین کو معاشی طور پر مستحکم بنانے میں مددگار ہے۔ تقریب میں خواتین کی ہمت افزائی کی گئی۔ ویکم سجاد، نبیلہ سجاد، فائزہ ارشد، شہناز جمیل اور محمد جمیل نے بھی شرکت کی اور اس اقدام کو سراہا۔ مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ الخدمت فاؤنڈیشن آئندہ بھی خواتین کی ترقی کے لیے ایسے منصوبے جاری رکھے گی۔

بقیہ 12

ایس ایم جمیل شاہ نے کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل، ایڈووکیٹ جنرل اور پولیس وکیل بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ صوبائی پبلک سیفٹی کمیشن کب تک قائم ہوگا، جس پر ایڈووکیٹ جنرل نے بتایا کہ پروونشل پبلک سیفٹی کمیشن کے لیے نوٹیفکیشن جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آئندہ کابینہ اجلاس سے منظوری کے بعد پبلک سیفٹی کمیشن کا نوٹیفکیشن جاری ہوگا۔ چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ نے ہدایت دی کہ صوبائی پبلک سیفٹی کمیشن کا نوٹیفکیشن جاری کر کے عدالت میں ریکارڈ جمع کریں۔ چارسدہ سے لاپتہ ہونے والے شخص کے والد نے عدالت میں پیش ہو کر بتایا کہ میرے بیٹے کو ظہر کی نماز کے بعد مسجد کے قریب ایک ہوٹل سے اٹھایا گیا۔ وکیل درخواست گزار نے استدعا کی کہ سی ٹی ڈی سے اس حوالے سے رپورٹ طلب کی جائے، عدالت نے سی ٹی ڈی سے رپورٹ طلب کر لی

بقیہ 13

جیسا کوئی سمجھوتہ مقصد نہیں بتایا، وہ کھوکھلے مقدمات کی وجہ سے جیل میں ہیں اور عدالتی چارہ جوئی کے عمل سے گزر رہے ہیں۔ ان کے دور میں نواز شریف سمیت درجنوں لیڈر جیلوں میں تھے، خان صاحب نے کبھی کسی کا حال پوچھا؟ وزیراعظم شہباز شریف کئی بار پی ٹی آئی کو مذاکرات کی پیشکش کر چکے ہیں، یہ پیشکش آج بھی موجود ہے لیکن مسئلہ یہ ہے کہ پی ٹی آئی مذاکرات اور جمہوری روایات یا مثبت پارلیمانی کردار کیلئے نہیں، صرف سڑکوں پر ہنگامے اور فساد کے لئے بنی ہے۔ یہ بات سینیٹر عرفان صدیقی نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں سوالوں کا جواب دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کے جیل میں ہونے کے باوجود حکومت اور ریاست کے تمام معاملات آئین اور قانون کے مطابق چل رہے ہیں، معیشت ترقی کر رہی ہے، خارجہ تعلقات میں بہت بہتری آ رہی ہے، سٹاک ایکسچینج میں نئے ریکارڈ قائم ہو رہے ہیں، ملک میں کسی طرح کا کوئی بحران نہیں

بقیہ 14

(Organic Growers Farm) کے زیر اہتمام منعقد ہوئی، جس میں ڈویژنل فاریسٹ آفیسر سید مظفر نقوی، ضلعی اطلاعات آفیسر سہیل خان، مقامی افراد اور رضاکاروں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈویژنل فاریسٹ آفیسر سید مظفر نقوی نے کہا کہ ہر گھر ہر بشر، ایک شجر صرف نعرہ نہیں بلکہ ایک سوچ ہے، جس کے ذریعے عوام کو درخت اگانے کی ترغیب دی جاتی ہے تاکہ ماحول کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں موسمیاتی تبدیلیوں کے خطرناک اثرات کے پیش نظر شجرکاری ناگزیر ہو چکی ہے۔ اس موقع پر ضلعی اطلاعات آفیسر سہیل خان نے کہا کہ آرگینک گروورز کا قیام عوام میں نامیاتی کاشتکاری کے فروغ اور ماحولیاتی شعور اجاگر کرنے کے لیے عمل میں لایا گیا تھا

بقیہ 15

حالات خراب کرنے میں بھارت کا واضح کردار ہے جو لڑانے کے دہشت گردوں کے ذریعے پاکستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی مذموم کوشش کر رہا ہے۔ بھارت جو جنگی محاذ پر پاکستان سے شکست کھا چکا ہے اب معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر اپنی شکست اور ناکامی کا بدلہ لینے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام محب وطن اور پاکستان سے محبت کرنے والے لوگ ہیں جنہوں نے ہمیشہ ملک کی سالمیت اور بقا کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ بھارت بلوچستان میں فرقہ واریت، لسانی اور علاقائی تعصبات کو ہوا دے کر پاکستان کو اندرونی طور پر کمزور کرنے کی کوشش کر رہا ہے لیکن پاکستانی عوام اس ناپاک سازش کو ناکام بنائیں گے۔ انہوں نے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے مزدوروں اور بے گناہ شہریوں کے قتل کو انسانیت سوز جرم قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان مظالم کا حساب دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز، ریاستی ادارے اور پوری قوم ان عناصر کے خلاف متحد ہیں، اور انشاء اللہ دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے۔ ظاہر کھوکھر نے کہا کہ ہم اقوام عالم سے بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ بھارت کی دہشت گردی کی پشت پناہی کا نوٹس لیں۔

بقیہ 16

میں پیش کیا جائے۔ پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب نے مذکورہ مقدمات میں اپنے وکیل ڈاکٹر بابر اعوان کے ذریعے عبوری ضمانت کی درخواستیں دائر کر رکھی تھی، وہ 24 اور 26 نومبر کے 14 سے زائد مقدمات میں عبوری ضمانت پر تھے۔ منگل کے روز انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی کے جج امجد علی شاہ نے ضمانت کی درخواست پر سماعت کی، اس دوران ملزم اور اس کا وکیل غیر حاضر تھے، فاضل جج نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ملزم عمر ایوب کی 14 مقدمات میں ضمانت خارج کرتے ہوئے عمر ایوب گرفتار کر کے پیش کرنے کی ہدایت جاری کردی

بقیہ 17

کے سربراہ حاجی محمد شفیق کیانی، ممبر وارڈ الیاس کیانی، سابق ممبر لوکل کونسل محمد شریف کیانی، محمد منظور کیانی، محمد عباس کیانی، گوہر الرحمن کیانی، علی زمان کیانی، محمد نذیر کیانی، محمد مختار کیانی، عبدالقیوم کیانی نے اپنے درجنوں ساتھیوں کے ہمراہ دیگر سیاسی جماعتوں سے وابستگیاں چھوڑ کر وزیر تعلیم دیوان علی خان چغتائی کے قافلے میں شامل ہونے کا، وزیر حکومت دیوان چغتائی اور چیئرمین ضلع کونسل جہلم ویلی طیب منظور کیانی نے نئے شامل ہونے والوں کو ہار ڈال کر خوش آمدید کہتے ہوئے مبارکباد دی۔ منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر تعلیم دیوان علی خان چغتائی نے کہا کہ نئے شامل ہونے والوں کے اعتماد پر پورا اترنے کے لئے ہر ممکن کوشش کرتے ہوئے ان کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچنے دیں گا۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ سرائی تا چھپ کنار بالا ڈیڈیڑی میں لنک روڈ کی منظوری ہو چکی ہے۔

بقیہ 18

لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ برانچ پوسٹ آفس منگول تقریباً ساٹھ سال سے قائم ہے برانچ پوسٹ آفس کے قیام سے عوام علاقہ کو سہولیات میسر تھیں۔ بجلی کے بلات اور ریٹائرڈ سرکاری ملازمین کو پنشن کا حصول بھی ہوتا تھا، حکومت آزاد کشمیر محکمہ ڈاک سے مطالبہ کرتی ہے کہ پوسٹ آفس کی برانچ کو اپ گریڈ کیا جاتا تاکہ عوام علاقہ کو مزید سہولیات میسر آسکیں۔ بجائے اس کے برانچ پوسٹ آفس میں تعینات مقامی پوسٹ مین کی ستائیس ماہ سے تنخواہ بند کر دی گئی ہے اور عمارت میں قائم ادارے کا ڈھائی سال سے کرایہ بھی ادا نہیں کیا گیا ہے۔ جس کے باعث چند روزوں سے برانچ پوسٹ آفس بند ہے

بقیہ 19

نمائش طلباء کی چار سالہ تعلیمی کاوشوں کا مظہر تھی۔ ایک طالب کا کہنا تھا کہ یہاں کی فنکارانہ تخلیقوں میں مہارت حاصل کرنے کی لگن کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ نمائش میں آنے والے لوگوں نے طلبا کے دیدہ زیب کروشیہ، بیگز اور جیولری ڈیزائن کی ہنرمندی کی حوصلہ افزائی کی۔ کیمپس ہیڈ ڈاکٹر سہیل اصغر نے نمائش کے دوہرے مقصد پر روشنی ڈالی "ہم طلبا کی محنت کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور انہیں صنعت کے ماہرین سے جوڑتے ہیں۔ جب پیشہ ور افراد ان کے کام کی تعریف کرتے ہیں تو نہ صرف ان کا حوصلہ بڑھتا ہے بلکہ روزگار کے نئے دروازے کھلتے ہیں۔" انہوں نے زور دے کر کہا کہ ایسے مواقع اکثر نئے ہنرمندوں کو بھرتی کرتی ہیں۔ یہ نمائش 15 جولائی 2025 تک آرٹ اینڈ فائن آرٹس ڈیپارٹمنٹ، کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد میں عوام الناس کے لیے کھلی رہے گی۔

بقیہ 20

بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں توسیع کر دی۔ سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی کی ضمانت کی درخواستوں پر آج بھی دلائل نہیں ہو سکے جب کہ بشریٰ بی بی کی ضمانت کی درخواست پر محفوظ فیصلہ بھی نہیں سنایا جا سکا۔ بانی پی ٹی آئی کی عدم دستیابی کے باعث ضمانت کی درخواستوں پر کوئی پیشرفت نہیں ہوئی۔ یاد رہے کہ عدالت نے گزشتہ سماعت پر بانی پی ٹی آئی کو پیش کرنے یا بذریعہ ویڈیو لنک حاضری کے احکامات جاری کیے تھے۔ سماعت کے بعد عدالت نے ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستوں پر سماعت 9 ستمبر تک ملتوی کر دی

بقیہ 21

علیہ و سلم قاری خورشید احمد نے پیش کی۔ سردار ارشد خان صدر، حلیم رفیق مغل نائب صدر، ڈاکٹر شائستہ تنویر نائب صدر، منظور حسین جنرل سیکرٹری، عمران حنیف جوائنٹ سیکرٹری، قمر ارشاد فنانس کو آرڈینیٹر، نیلوفر ودیعہ انفارمیشن کو آرڈینیٹر، ڈاکٹر عرفان لطیف خان آئی ٹی کو آرڈینیٹر، حفیظ حبیب ایڈیشنل آئی ٹی کو آرڈینیٹر، ڈاکٹر مسرت میتھو کو آرڈینیٹر، عدنان جنت لیگل اینڈ سوشل کو آرڈینیٹر، عمیرہ ایونٹ کو آرڈینیٹر، آصف حسین آرگنائزر، راشد رشید ممبر شپ کو آرڈینیٹر، عاقب مقبول یوتھ کو آرڈینیٹر منتخب۔ حلف برداری تقریب سے سردار ساجد محمود چیئرمین الیکشن کوارڈی نیشن کمیٹی، پروفیسر ڈاکٹر رخسانہ، سردار ریاض اسلم سابق صدر پی ڈی سی، سردار رشید اکبر اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی سی کے قیام کا بنیادی مقصد یو کے کونسل بجوانہ میں اتحاد اور امن کے ذریعے ترقی و خوشحالی کے راستے پر گامزن ہو کر بجوانہ کو مثالی شہر میں تبدیل کرنا ہے۔ کالٹ پر کارکنوں کو پر دعوت کرتے ہوئے نوجوانوں میں اپنا کاوشوں کا جذبہ اور تحریک کو بیدار کرتے ہوئے نہ صرف بجوانہ بلکہ ریاستی ترقی میں کردار ادا کرنا ہے۔ مہمان خصوصی بریگیڈیئر ریٹائرڈ اجمل خان صاحب نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں نو منتخب باڈی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ نو منتخب عہدیداران بجوانہ کی تعمیر و ترقی اور بہتری میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیتے ہوئے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 22

کا دورہ کیا جہاں انہوں نے 14 اگست یوم آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں معرکہ حق کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر نے جناح سٹیڈیم کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا جہاں انہوں نے شائقین کے لیے نشستوں کی گنجائش، سیکیورٹی انتظامات، سہولیات، سٹیڈیم کی موجودہ حالت اور بنیادی ڈھانچے کی خستہ حالی کا بطور خاص مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ جناح سٹیڈیم جیسے قومی ورثے کی موجودہ حالت انتہائی افسوسناک ہے۔ دیکھ بھال کا فقدان ہے، ایسے لگتا ہے جیسے یہاں آئے تو کیا کر جائیں گے؟ یہ ہماری اجتماعی غفلت کا نتیجہ ہے کہ ہم نے ایسے اہم اثاثے کو نظر انداز کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو فوری اقدامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سٹیڈیم کی بحالی کے لیے فوری ایک اعلیٰ سطحی اجلاس طلب کیا جائے

بقیہ 23

سے پہلے 302 پرائیویٹ سکیورٹی کمپنیاں رجسٹرڈ ہیں۔ اجلاس کے بعد جاری پریس ریلیز میں یہ وضاحت نہیں کی گئی کہ کن وجوہات کی بنا پر ان کمپنیوں کے لائسنس منسوخ کیے گئے یا شوکاز نوٹس جاری ہوئے۔ تاہم آئی جی سندھ غلام نبی میمن، جو اجلاس میں شریک تھے، نے ایک نجی ٹی وی کو بتایا کہ پرائیویٹ سکیورٹی کمپنیاں صوبے میں کام کرنے کے لیے مخصوص قواعد و ضوابط کے تحت کام کرتی ہیں، اگر وہ ان ضوابط پر عمل نہ کریں تو ہوم ڈپارٹمنٹ کو اختیار ہے کہ وہ ان کا لائسنس منسوخ کر دے۔ آئی جی سندھ نے مزید کہا کہ یہ کمپنیاں مقررہ قوانین کی پابندی نہیں کر رہی تھیں اس لیے ان کے لائسنس منسوخ کیے گئے ہیں۔ دوسری جانب وزیر داخلہ ضیا الحسن لنجار نے اجلاس میں کہا کہ پرائیویٹ سکیورٹی کمپنیوں سے متعلق موجودہ قوانین کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور ضروری ترامیم متعارف کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام پرائیویٹ سکیورٹی کمپنیوں کے لیے نئے اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز (ایس او پیز) بنائے جائیں گے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ یہ بھی دیکھا جائے گا کہ سکیورٹی گارڈز کو کہاں سے تربیت دی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پرائیویٹ سکیورٹی کمپنیوں کے تمام معاملات کو قانونی اور ریگولیٹری دائرہ کار میں لایا جا رہا ہے۔ وزیر داخلہ نے پرائیویٹ سکیورٹی کمپنیوں کے امور کو منظم کرنے کے لیے ایک کمیٹی کے قیام کا اعلان بھی کیا، کمیٹی میں ایڈیشنل سیکرٹری ہوم، وزیر داخلہ کے کوآرڈینیٹر، اسپیشل برانچ اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندے شامل ہوں گے۔

بقیہ 24

کشمیریوں کو 1947 میں اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق مل جاتا تو 5 لاکھ کشمیری بھارتی دہشتگردی کا نشانہ نہ بنتے کشمیریوں کا قتل عام اور نسل کشی بند کی جائے کشمیریوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا گیا بھارت نام نہاد جمہوریت کے نام پر دنیا کو دھوکہ دے رہا ہے۔ محمد غالب نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کے موجودہ حالات تحریک آزادی کو جیلوں میں بند کر کے بھارت تحریک آزادی کے خلاف جو سازشیں کر رہا مسلمانوں کی اکثریت کو ختم کرنے کے غیر کشمیری باشندوں کو بسانے کے جو کوششیں کر رہا ہے اس میں مودی کامیاب نہیں ہوگا اس سے کشمیر میں مزید اضافہ ہوگا اور کشمیری بھارت کو اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے ہر محاذ پر بھارت کو بے نقاب کیا جائے گا۔

بقیہ 25

کارکنوں میں شریک ہوئے۔ اطلاعات کے مطابق اقبال جیل میں آگ لگنے، ہنگامی حالت سے نمٹنے اور ریسکیو کرنے کی مشق کی گئی، فرضی مشق میں جیل میں گھسنے والے مشکوک افراد کو پکڑنے کا مظاہرہ کیا گیا۔ دوسری جانب مشق میں جھگڑوں کے دوران لوگوں کو ریسکیو کرنے کا بھی مظاہرہ کیا گیا، فرضی مشقوں میں تمام اداروں کا رسپانس ٹائم بہتر وقت پایا گیا

بقیہ 26

کشمیری روزانہ نشانہ بنتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ کو مزار شہدا نقشبند صاحب کے دورے سے روکنے کیلئے بھارتی پولیس کی بدسلوکی کا سامنا کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ اس تلخ تجربے کے بعد عمر عبداللہ ہر کشمیری کی عزت و وقار کے تحفظ کو اپنی توجہ کا مرکز بنائیں گے اور کشمیریوں کے بنیادی حقوق کی بحالی کیلئے کام کریں گے

بقیہ 27

کہ وہ تمام ثبوت اور ویڈیوز تفتیشی افسر کے سامنے پیش کرے۔ ایڈیشنل سیشن جج شہزادہ عدنان نے عزیر چوہدری ایڈووکیٹ کی وساطت سے دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ عارف علوی نے ایک غیر ملکی دورے کے دوران مبینہ طور پر توہین آمیز الفاظ استعمال کیے، جس کی ویڈیو ریکارڈ پر ہے۔ درخواست گزار نے این سی سی آئی اے سے رجوع کیا مگر مقدمہ درج نہ کیا گیا۔ عدالت نے مزید سماعت 11 اگست تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 28

نے سوات کے ارکان، امیدواران اور کارکنان کے ایک روزہ تربیتی اجتماع مدرسہ سے خطاب کے دوران کیا۔ ڈاکٹر حمیرا طارق نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی کی خواتین اگرچہ معاشرے میں تناسب کے اعتبار سے آٹے میں نمک کے برابر ہیں، مگر ان کا کردار اصلاح معاشرہ میں نہایت مؤثر اور بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کارکنان اپنے وقت کو علمی اور دعوتی سرگرمیوں میں صرف کریں، سوشل میڈیا کو اصلاح معاشرہ کا ذریعہ بنائیں، اور دعوت کے میدان میں اپنے خاندان کو ساتھ لے کر چلیں تاکہ ایک مثبت اور دیرپا تبدیلی لائی جا سکے۔ اس موقع پر جماعت اسلامی پاکستان کی ڈپٹی جنرل سیکرٹری سید راشد قاضی نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب بندہ اللہ کا ہو جاتا ہے تو پھر اس پر نظام بھی اللہ ہی کا نافذ ہو جاتا ہے۔

بقیہ 29

چیئرمین ڈیلی کے بیگ میں افضل ملک کو واپس لوٹانا، جس پر علی اور پاکستانی کیپٹل نے نوجوان کی امانت داری کو سراہا۔ کمپنی نے ان کی ایمانداری دیکھتے ہوئے باقاعدہ ایک تعریفی سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا۔ کمپنی کے آفس میں پراجیکٹ منیجر منصور کیانی صاحب کی موجودگی میں مالک کو واپس دی گئی۔ نوجوان کی اس مثالی دیانت داری نے کشمیریوں کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ معروف سیاسی و سماجی نوجوان سردار ذیشان درگائی کی جانب سے نوجوان کو خراج تحسین پیش کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اجر عظیم سے نوازے۔

بقیہ 30

ایک بھارتی عہدیدار نے میڈیا کو بتایا ہے کہ حادثے میں 5 افراد ہلاک اور 17 زخمی ہوئے ہیں۔ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جن میں سے بعض کی حالت تشویشناک ہے۔ ایک اور واقعے میں ضلع اسلام آباد کے علاقے پہلگام میں جاری ہندو امرناتھ یاترا کے دوران چندنواڑی گیٹ کے قریب ایک یاتری ہلاک ہو گیا ہے۔ ریاست مہاراشٹر کا رہائشی یہ یاتری گھوڑے پر سوار تھا اور بے ہوش ہو کر گرا اور موقع پر ہی دم توڑ دیا۔ ادھر ضلع کولگام کے علاقے یدپال میں ایک سرکاری اسکول میں لگنے والی آگ سے کم از کم تین عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے

بقیہ 31

ان حلقہ سات کا مسلم لیگ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار، کردیاں، چکیاں، پالل، گوجر باڑی، الصیاں، یونین کونسل گوجر آباد سمیت دیگر درجنوں علاقوں کے کارکنان نے اجلاس میں بھرپور شرکت کی، تمام کارکنان نے یک زبان ہو کر مسلم لیگ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم پارٹی کے ہر اصولی فیصلہ کو سر تسلیم خم کرتے ہیں، حلقہ سات سے اگر قائد کشمیر راجہ فاروق حیدر خان الیکشن لڑتے ہیں تو سب ان کے ساتھ ہوں گے، اگر راجہ فاروق حیدر خان اس حلقہ سے الیکشن نہیں لڑتے تو پھر قیادت سابق صدر مسلم لیگ ن ضلع جہلم ویلی محمد فرید خان سمیت حلقہ میں موجود کسی بھی بنیادی اور سینئر کارکن کو ٹکٹ دے مگر کسی بھی ایسے شخص کو ٹکٹ کی حمایت نہیں کریں گے جو کسی دوسری جماعت سے آیا ہو۔ اجلاس میں کارکنان کا مطالبہ تھا کہ حلقہ کے ٹکٹ کا فیصلہ حلقہ کے کارکنان کی مشاورت سے فوری کیا جائے، شرکائے اجلاس نے کہا کہ اگر راجہ فاروق حیدر خان حلقہ 7 سے خود الیکشن نہیں لڑتے تو 4 سال سے مشکل ترین حالات میں راجہ فاروق حیدر خان کے ساتھ چلنے والے محمد فرید خان کو ٹکٹ دیا جائے۔

بقیہ 32

ایچ او تھانہ باغ رفاقت الیاس عباسی نے بھراہ اشتیاق عباسی کارروائی کرتے ہوئے ملزم عبدالقادر ولد عبدالقدیر خان ساکن ڈاکل قانیاں پانچ کوٹلی کو گرفتار کر لیا۔ ملزم معصوم اور کشمیری شہزادی کے نام سے ٹک ٹاک آئی ڈی بنا کر مختلف لڑکیوں کو بلیک میل کر رہا تھا، اس کے علاوہ وہ لوگوں کی فیس بک آئی ڈی ہیک کر کے بھی بلیک میل کرتا تھا۔ عوام الناس کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ سوشل میڈیا اکاؤنٹس کو انتہائی محتاط انداز میں استعمال کریں، کسی بھی قسم کی مذہبی منافرت، اداروں، معتبر شخصیات کی تضحیک، بلیک میلنگ کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکتی ہے۔ اپنے اردگرد ایسے اوباش صفت لڑکوں پر نظر رکھیں اور ایسی سرگرمیوں میں ملوث افراد کی نشاندہی کریں، کالج اور یونیورسٹی کی طالبات اور جاب کرنے والی خواتین سے گزارش ہے کہ ایسے عناصر سے بلیک میل ہونے کی بجائے اپنے متعلقہ پولیس اسٹیشن کو رپورٹ کریں تاکہ ایسے عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کی جا سکے۔

بقیہ 33

برطانیہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ برطانوی حکومت زیادہ تر طلبہ اور کارکنوں کے ویزوں کے لیے فزیکل امیگریشن دستاویزات کی جگہ ای ویزا متعارف کروا رہی ہے۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کہا کہ یہ سہولت ان زیادہ تر طلبہ اور کارکنوں کے لیے ہے، جو 6 ماہ سے زیادہ عرصے کے لیے درخواست دے رہے ہیں۔ ہائی کمیشن نے وضاحت کی کہ ای ویزا دراصل برطانیہ میں کسی فرد کی امیگریشن اجازت کا ایک آن لائن ریکارڈ ہوتا ہے، جو ویزا کے عمل کو زیادہ آسان اور محفوظ بناتا ہے۔ مزید کہا گیا کہ ای ویزا آزمودہ نظام ہے، جسے لاکھوں افراد پہلے ہی استعمال کر رہے ہیں۔ جو طلبہ اور کارکن برطانیہ میں 6 ماہ سے زیادہ قیام کا ارادہ رکھتے ہیں، وہ ای ویزا کے لیے درخواست دینے کے اہل ہوں گے، برطانوی حکومت کا منصوبہ ہے کہ اس اسکیم کو تمام ویزا درخواستوں تک توسیع دی جائے۔ 2024 میں برطانوی حکومت نے اعلان کیا تھا کہ ملک کا امیگریشن نظام مکمل طور پر ڈیجیٹل فارمیٹ کی طرف منتقل ہو رہا ہے، جس میں جسمانی دستاویزات کی جگہ آن لائن امیگریشن سسٹم ہوگا۔ برٹش ہائی کمیشن نے ای ویزا کے لیے اہلیت کی وضاحت کی ہے کہ طلبہ، بشمول 11 ماہ کے مختصر المدتی مطالعے والے طلبہ، گلوبل ٹیلنٹ ماہر کارکن، گریجویٹ ٹریک، یوکے ایکسپینشن ورکر، سروس سپلائر، سیکنڈمنٹ ورکر، گلوبل بزنس موبلٹی، انٹرنیشنل ایگریکلچر ورکر، اسکیلڈ ورکر (بشمول صحت اور نگہداشت کے شعبے کے کارکن)، چیریٹی، تحقیقی کام کرنے والے، گورنمنٹ اتھارائزڈ ایکسچینج، انٹرنیشنل ایگریمنٹ، مذہبی کام کرنے والے، یا ان سے منسلک افراد ای ویزا کے لیے اہل ہوں گے۔ جو افراد انحصار کرنے والے (ڈیپینڈنٹ) کے طور پر یا مطالعہ یا کام کے علاوہ کسی اور وجہ سے، مثلاً عام وزٹ ویزا کی درخواست دے رہے ہیں، ان افراد کو اب بھی فزیکل ویزے کی ضرورت ہوگی، جن افراد کے پاس پہلے سے فزیکل ویزا موجود ہے، انہیں کوئی قدم اٹھانے کی ضرورت نہیں۔ جین میریٹ نے واضح کیا کہ یہ تبدیلیاں ویزا کے عمل کو طلبہ اور کارکنوں کے لیے زیادہ آسان بنائیں گی۔

بقیہ 34

پر پاکستانی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ ایرانی ذرائع کے مطابق صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے پاکستان کے وزیر داخلہ محسن نقوی سے ملاقات میں اسلامی ملکوں کے درمیان اتحاد کو ایک حقیقی اور ناقابل انکار ضرورت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر مسلم ممالک اور اقوام امت اسلامیہ کی وحدت کی اہمیت سے باخبر ہوں اور متحد ہو کر صہیونی حکومت کا مقابلہ کر سکتی ہیں جس نے اسلامی برادری کے اختلاف سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خود کو باقی رکھا ہے۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایرانی عوام کو صہیونی جارحیت کے خلاف تاریخی فتح پر مبارکباد دی۔ محسن نقوی نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان کو وزیراعظم شہباز شریف کا خصوصی پیغام پہنچایا۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں۔ پاکستان نے جنگ کے دوران جس طرح ساتھ دیا اس کو کبھی نہیں بھول سکتے۔ صہیونی حکومت مسلم ممالک کے درمیان تقسیم اور کمزوری پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی ممالک کے درمیان اتحاد اور ہم آہنگی ناگزیر ہے۔ مسلم حکومتیں اسلامی اتحاد کی اہمیت کو پوری طرح سمجھ جائیں تو وہ صہیونی حکومت کے خلاف ایک متحد محاذ بنا سکتی ہیں۔

بقیہ 35

ڈرائیوروں کو جرمانے کیے جا چکے ہیں، جبکہ 350 سے زائد شہریوں کو آگاہی فراہم کی گئی ہے۔ آئی جی پی کے ترجمان کے مطابق یہ مہم ٹریفک قوانین کی سختی سے عملدرآمد کے لیے ایک جامع منصوبے کا پہلا مرحلہ ہے، جس میں فضائی نگرانی کے ذریعے لین ڈسپلن، غیر قانونی اوور ٹیکنگ، اوور لوڈنگ اور ون ویلنگ جیسی خلاف ورزیوں پر فوری نظر رکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ڈرونز کے ذریعے خلاف ورزیوں کی فوری شناخت کے بعد موقع پر ہی کارروائی کی جاتی ہے، جس میں جرمانے، گاڑیوں کی ضبطی اور بعض صورتوں میں گاڑیوں کو تھانوں میں منتقل کرنا شامل ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ یہ نظام نہ صرف قوانین پر عملدرآمد میں مددگار ہے بلکہ شہر کے ان علاقوں کی نگرانی بھی کرتا ہے جہاں ٹریفک کا دباؤ زیادہ ہوتا ہے۔

بقیہ 36

اور میڈیا سے گفتگو میں ملٹری سپورٹس نے کہا کہ کشمیر میراتھن ویک کا مقصد صحت مندانہ سرگرمیوں کو فروغ دینا، منشیات کے خلاف آگاہی پیدا کرنا اور آزاد کشمیر کی خوبصورتی کو دنیا کے سامنے لا کر سیاحت کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میراتھن میں بین الاقوامی ایتھلیٹس بھی حصہ لیں گے جبکہ مقامی اور نیشنل لیول کے ایتھلیٹس بھی شامل ہوں گے۔ محترمہ تہذیب النساء نے بتایا کہ میراتھن کی ایک کیٹیگری میں ہر عمر کے افراد شرکت کر سکیں گے، جب کہ جیتنے والوں کو انعامات دیے جائیں گے۔ ساتھ ہی "فیملی واک" کا بھی انعقاد کیا جائے گا جس میں خواتین اور بچے بھی بھرپور حصہ لے سکیں گے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ بروقت رجسٹریشن کروائیں، جس کی آخری تاریخ 18 جولائی مقرر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میراتھن ویک کے روٹ پر کشمیری ثقافت کو اجاگر کرنے کے لیے کلچرل اسٹالز لگانے کی بھی اجازت ہوگی تاکہ دنیا کو ہماری ثقافتی خوبصورتی سے روشناس کرایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی کھیلوں کے ساتھ ساتھ نئے کھیلوں کو بھی فروغ دیا جائے گا اور آئندہ سال کشمیر میراتھن کو عالمی سطح پر منعقد کیا جائے گا۔ کمشنر پونچھ مسعود الرحمن نے کہا کہ ایونٹ کو کامیاب بنانے کے لیے تمام محکمے باہمی تعاون سے انتظامات کو حتمی شکل دے رہے ہیں جن میں محکمہ سپورٹس، انتظامیہ، پولیس، ریسکیو، صحت عامہ، تعلیم اور اطلاعات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راولاکوٹ میں کشمیر میراتھن ایک زبردست اور یادگار ایونٹ ثابت ہوگا جس میں عوام کی بھرپور شرکت متوقع ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میراتھن کے منتظمین سردار شاہ زیب کشمیر، ڈاکٹر عثمان، کیپٹن (ر) دلاور افگن، سردار آر کی خان اور سردار پیر خان نے بتایا کہ اس بار میراتھن میں رسہ کشی اور نیزہ بازی جیسے روایتی کھیلوں کو بھی شامل کیا گیا ہے جن کے مقابلے بھی ہوں گے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس ایونٹ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کر کے اسے کامیاب بنائیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق، ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس نعمان فاروق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل سردار عبدالقادر، ضلعی آفیسر اطلاعات ناصر لطیف اور صدر غازی ملت پریس کلب سردار شفقت ضیاء کی قیادت میں صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ بعد ازاں سیکرٹری سپورٹس، کمشنر پونچھ ڈویژن نے ہمراہ دیگر آفیسران میراتھن کے عید گاہ گراؤنڈ کا دورہ کیا، انتظامات کا جائزہ لیا اور ضروری ہدایات بھی دیں۔

بقیہ 37

شہری سیلاب کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔ خطہ پوٹھوہار اور شمالی پختونخوا میں شام کے اوقات میں بارش اور آندھی متوقع ہے۔ کشمیر اور گلگت بلتستان میں بارش کے ساتھ لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ موجود ہے۔ بلوچستان کے علاقوں بارکھان، ژوب، موسیٰ خیل، سبی میں بارش کا امکان ہے۔ سندھ کے علاقوں سکھر، شکارپور، کشمور اور لاڑکانہ میں چند مقامات پر بارش متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے متنبہ کیا ہے کہ طوفانی آندھی کے باعث کمزور ڈھانچوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے، جبکہ نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہونے سے معمولات زندگی متاثر ہو سکتے ہیں۔ محکمہ موسمیات نے ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اداروں، بلدیاتی اداروں اور ہائی وے اتھارٹیز کو حفاظتی انتظامات کرنے اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش کی گئی ہے کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں، بجلی کے کھمبوں اور درختوں کے قریب نہ جائیں، اور موسم کی تازہ ترین صورتحال سے باخبر رہیں۔

بقیہ 38

مظفرآباد، چیئرمین اپیلیٹ ٹریبونل ان لینڈ ریونیو، چیئرمین ماحولیاتی ٹریبونل، ممبر سروس ٹریبونل، جج انسداد دہشتگردی، ڈسٹرکٹ جج مظفرآباد، ضلع قاضی مظفرآباد، ممبر قانون کمیشن، آفیسران، بار کونسل کے موجودہ اور سابق عہدیداران و اراکین، سیکرٹری قانون، رجسٹرار سپریم کورٹ کے علاوہ سینئر وکلاء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہوا۔ سیکرٹری قانون انصاف و پارلیمانی امور نے قائم مقام چیف جسٹس کی تقرری کا نوٹیفکیشن پڑھ کر سنایا۔ جسٹس راجہ سعید اکرم خان نجی دورے پر بیرون ملک روانہ ہو چکے ہیں اور ان کی عدم موجودگی کے دوران جسٹس خواجہ محمد نسیم بطور قائم مقام چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔

بقیہ 39

دائرہ کار میں علاقائی تعاون کی اہمیت اور خطے کے اتحاد کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر شی جن پنگ نے وفود کے سربراہوں کا گرمجوشی سے خیر مقدم کیا۔ اسحاق ڈار کی گریٹ ہال میں کرغزستان کے ہم منصب سے بھی ملاقات ہوئی۔ دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی دلچسپی کے شعبوں میں پاک کرغز تعلقات کو فروغ دینے پر اتفاق کیا

بقیہ 40

ایل این جی کی قیمتوں میں رد و بدل کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا، نوٹیفکیشن کے مطابق ماہ جولائی کیلئے ایل این جی کی قیمتوں میں 1.72 فیصد سے 2.68 فیصد تک کمی کر دی گئی۔ سوئی ناردرن کیلئے درآمدی ایل این جی کی قیمت میں 21 سینٹ کی کمی کے بعد نئی قیمت 11.57 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر کر دی گئی۔ جون میں سوئی ناردرن کیلئے قیمت 11.78 ڈالر فی ایم ایم بی ٹی یو مقرر تھی۔ اعلامیے کے مطابق سوئی سدرن کیلئے درآمدی ایل این جی کی قیمت میں 29 سینٹ کی کمی کے بعد سوئی سدرن کیلئے درآمدی ایل این جی کی نئی قیمت 10.57 ڈالر مقرر کر دی گئی، سوئی سدرن کیلئے جون میں فی ایم ایم بی ٹی یو قیمت 10.86 ڈالر تھی

بقیہ 41

اعلیٰ ملک محمد احمد خان نے ملاقات کی، جس میں صوبے کی مجموعی سیاسی و انتظامی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے ہر فرد کی فلاح و بہبود ان کی اولین ترجیح ہے اور یہی جذبہ ان کے ہر فیصلے کی بنیاد بنتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی بلاروک ٹوک فراہمی ان کا نصب العین ہے۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ پہلی مرتبہ پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں کا محور صرف لاہور یا بڑے شہر نہیں، بلکہ ہر پسماندہ علاقہ بھی حکومتی توجہ کا مرکز ہے تاکہ یکساں ترقی ممکن ہو سکے۔ ملاقات کے دوران اسپیکر پنجاب اسمبلی نے مون سون کے دوران حکومت پنجاب کے مؤثر اور بروقت اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے مہنگائی، تجاوزات اور قبضہ مافیا کے خلاف حکومت کے عملی اقدامات، بالخصوص پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کے قیام کو قابل تحسین قرار دیا۔

بقیہ 42

کا آغاز ہو چکا ہے، جس پر اب پابندی لگا دی گئی ہے۔ خط میں دہشت گردی کے کسی ممکنہ خطرے کی نشاندہی نہیں کی گئی ہے لیکن دو ماہ پہلے پولیس مقابلے میں مارے جانے والے مبینہ دہشت گردوں کے حوالے سے پولیس کے اعلیٰ حکام متعدد بار یہ کہہ چکے ہیں ان کا ٹارگٹ بعض تعلیمی ادارے اور پولیس و فوج کی چوکیاں تھے۔ اب پولیس کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ کالج گراؤنڈ میں کسی بھی احتجاج کی اجازت نہ دے۔ کالج انتظامیہ کو بھی تحریری طور پر آگاہ کیا گیا ہے کہ وہ اس میدان میں کسی کو بھی کسی طرح کی سرگرمی کے لیے اجازت نہ دیں۔ ذمہ دار ذرائع کا کہنا ہے کہ 14 اگست یوم پاکستان کی آمد ہے جبکہ آزاد کشمیر میں بھی تخریب کاری کا منصوبہ بنایا جا سکتا ہے اس لیے قبل از وقت یہ اقدامات کیے گئے ہیں تاکہ حفاظتی اقدامات کئے جا سکیں۔ آئندہ دنوں میں آزاد کشمیر بھر کے تعلیمی اداروں اور خاص کر جامعات میں اس طرح کے اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 43

تعمیر کے حوالے سے پیش رفت پر جائزہ اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں وفاقی وزراء احسن اقبال، اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، خالد مقبول صدیقی، چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان، کوآرڈینیٹر مشرف زیدی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے چیف سیکرٹریز و نمائندوں نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ کری اسلام آباد میں دانش اسکول کی تعمیر پر کام تیزی سے جاری ہے، جس کو رواں برس کے اختتام تک مکمل کر لیا جائے گا۔ گلگت بلتستان میں سلطان آباد، گاہکوچ اور استور میں دانش اسکولوں کی تعمیر پر بھی کام تیزی سے جاری ہے جن پر کام آئندہ برس مکمل کر لیا جائے گا۔ آزاد کشمیر میں باغ اور بھمبر میں دانش اسکول پر کام شروع ہو چکا جبکہ شاردہ، نیلم میں دانش اسکول کا پی سی ون منظور ہو چکا اور تعمیراتی کام جلد شروع کر دیا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان میں نصیر آباد، موسیٰ خیل، ژوب، قلعہ سیف اللہ اور بارکھان میں دانش اسکولز کا پی سی ون منظور ہو چکا جبکہ دانش اسکولز کی تعمیر کی تیز رفتاری کے لیے درکار فنڈز جاری کیے جا چکے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ چترال، کراچی اور ننکانہ میں دانش اسکولز کی تعمیر کیلئے زمین کا انتخاب ہو چکا ہے جبکہ دیگر اقدامات پر کام تیزی سے جاری ہے۔ اجلاس کو کوٹ ادو اور وزیرستان میں دانش اسکولز کی تعمیر کی تجاویز اور ساہیوال میں یونیورسٹی کے حوالے سے پیش رفت پر بھی آگاہ کیا گیا۔

بقیہ 44

لیے اپریل تک مہلت دی گئی تھی لیکن فیصلہ نہ ہو سکا۔ 5 آئی پی پیز بنیادی رقم اقساط میں دینے کو تیار جبکہ 4 بنیادی رقم دینے کو بھی تیار نہیں ہیں۔ دستاویزات کے مطابق حکومت نے کمیٹی بنائی تاکہ آئی پی پیز کی سماعت مکمل کر لی جائے، اپریل سے مئی تک 18 آئی پی پیز کی سماعت کی گئی، دستاویز کے مطابق 24 ارب کی بنیادی رقم اور 56 ارب کے لیٹ پیمنٹ سرچارج واجب الادا ہیں۔ دستاویز کے مطابق 9 میں سے 5 آئی پی پی کمپنیاں مکمل بنیادی رقم اقساط میں ادا کرنے کیلئے تیار ہیں، رقم اقساط میں ادا کرنے کیلئے رضامند پانچ کمپنیوں کے ذمے 8.2 ارب بنیادی رقم ہے، چار ایل ڈی آئی کمپنیاں بنیادی رقم اقساط میں ادا کرنے کیلئے بھی تیار نہیں، چار ایل ڈی آئی کمپنیوں کے ذمے 15.9 ارب روپے کی بنیادی رقم واجب الادا ہے۔ کل 13 ایل ڈی آئی کمپنیوں میں سے 4 کمپنیوں کے لائسنسوں کی تجدید 2024 میں کی گئی، سات ایل ڈی آئی کمپنیوں کے لائسنس کی میعاد 2024 میں ختم ہوگی، دو ایل ڈی آئی کمپنیوں کے لائسنس کی میعاد 2025 اور 2026 میں ختم ہوتی ہے۔ ایل ڈی آئی کمپنیوں کے ذمے یونیورسل سروس فنڈ کے لیے پی ٹی اے چارجز گزشتہ کئی سالوں سے واجب الادا ہیں

بقیہ 45

کے باعث چینی کی ایکس مل قیمت 165 روپے فی کلو گرام مقرر کر دی گئی ہے۔ وزارت غذائی تحفظ نے مزید کہا ہے کہ تمام صوبائی حکومتیں اس فیصلے کی روشنی میں عوام کو سستی چینی کی دستیابی یقینی بنائیں۔ واضح رہے کہ ملک بھر میں چینی 200 روپے فی کلو گرام تک فروخت ہو رہی ہے، جس کی وجہ شوگر مافیا کا گٹھ جوڑ ہے جو ذخیرہ اندوزی اور دیگر حربوں سے چینی کی قیمت بڑھا رہا ہے۔ حکومت چینی کی قیمت میں کمی کے لیے چینی کی امپورٹ پر عارضی طور پر ٹیکس ختم کر رہی ہے مگر تاحال قیمت میں کمی نہیں آ رہی۔ ہول سیلرز ایسوسی ایشن نے امپورٹ پر ٹیکس ختم کرنے کے بجائے حکومت سے مافیا کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے اور گوداموں پر چھاپے مارنے کا مطالبہ کیا تھا اور کہا تھا کہ کریک ڈاؤن سے چینی کی قیمت میں واضح کمی آ جائے گی۔

بقیہ 46

وژن کی عملی تصویر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی انتظامی بصیرت، شبانہ روز محنت، اور عوامی خدمت کا جو انداز ہے، وہ کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ آنے والے دنوں میں مسلم لیگ ن ریاست گیر سطح پر نئی قیادت، نیا حوصلہ اور نیا عزم لے کر ابھرے گی۔ سردار عبدالخالق وصی نے کہا کہ پاک افواج ہماری عظمت کی علامت اور قومی سلامتی کی ضامن ہیں۔ ہم فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو ان کی جرات مندانہ قیادت اور مادر وطن کے تحفظ کے لیے غیر متزلزل عزم پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عسکری قیادت نے اندرونی و بیرونی دشمنوں کے خلاف جس استقامت سے مورچہ سنبھالا، وہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ انہوں نے موجودہ حکمرانوں کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ گزشتہ چار برسوں میں اس حلقے کو سیاسی انتقام اور ذاتی عناد کا نشانہ بنا کر ترقیاتی عمل کو جامد کر دیا گیا۔ جہاں جہاں ہم نے منصوبے شروع کیے تھے ان میں ایک اینٹ تک نہیں لگائی گئی، اور قومی وسائل کو ذاتی مفادات اور ووٹ خریدنے کے لیے استعمال کیا گیا۔ سڑکیں کھنڈرات، سکول کالج بنیادی سہولیات سے محروم، ہسپتال گھوسٹ بنا دیے گئے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ عوام ان حکمرانوں سے حساب لیں، اور ووٹ کی پرچی کے ذریعے ان کو نشان عبرت بنا دیں۔ جلسہ سے قبل تقریب میں اس وقت ایک نئی سیاسی لہر دیکھنے میں آئی جب نو منتخب صدر سردار اشتیاق حسین کی قیادت پر اعتماد کرتے ہوئے متعدد کارکنان نے دیگر سیاسی جماعتوں سے مستعفی ہو کر پاکستان مسلم لیگ ن میں شمولیت کا اعلان کیا۔ انہوں نے سردار اشتیاق کو بھرپور تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ن ہی ریاست کی اصل نظریاتی نمائندہ جماعت ہے، اور ہم اس قافلے کا حصہ بن کر تبدیلی کا کردار ادا کریں گے۔ تقریب سے چیئرمین ضلع کونسل پونچھ سردار جاوید شریف، سردار ریاض روشن، سردار قمر جہانگیر، سردار ظہیر خان، سردار الطاف حسین خان، سردار واجد حسین ایڈووکیٹ، سردار آصف عزیز، سردار فیصل محمود، سردار آصف حسین، سردار محمد نذیر خان، سردار لیاقت حسین، سردار رشید شاکر، سردار رفاقت حسین، سردار جاوید اشرف اور دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 47

انکار کیا۔ اسی دن ہی سرکاری تعطیلات کی فہرست سے بھی نکال دیا گیا ہے۔ اس اقدام پر سخت ردعمل دیتے ہوئے جموں و کشمیر کے سابق وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ جموں و کشمیر میں جمہوریت کا مطلب غیر منتخب افراد کا جبر ہے۔ یہاں دہلی کے نمائندے منتخب عوامی قیادت کو قید میں رکھے ہوئے ہیں۔ پی ڈی پی کی صدر محبوبہ مفتی نے کہا کہ شہداء کے قبرستان پر حاضری کو عوام کو وہاں جانے سے روکنا اس بات کی علامت ہے کہ انتظامیہ خوفزدہ ہے۔ جموں و کشمیر پیپلز کانفرنس کے رہنما سجاد لون نے بھی ردعمل دیا کہ یہ مرکزی حکومت کشمیریوں کی تاریخ دوبارہ لکھنے کی کوشش کر رہی ہے، جو کسی صورت کامیاب نہیں ہوگی۔ واضح رہے کہ 13 جولائی 1931 کو مہاراجہ ہری سنگھ کی آمریت کے خلاف 22 کشمیریوں نے جام شہادت نوش کیا تھا اور اس دن کو کشمیری یوم شہداء کے طور پر مناتے آ رہے ہیں۔ اگست 2019 میں آرٹیکل 370 کے خاتمے کے بعد مودی سرکار نے نہ صرف اس دن کی سرکاری حیثیت ختم کی بلکہ ڈوگرہ حکمران کی سالگرہ کو سرکاری تعطیل قرار دے کر کشمیریوں کے زخموں پر نمک چھڑکنے کا عمل شروع کیا۔

بقیہ 48

عمل میں لایا جائے۔ یہ حکم جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے ایک شہری کی جانب سے دائر کردہ درخواست پر سماعت کرتے ہوئے جاری کیا، جس میں عدالت سے استدعا کی گئی تھی کہ توہین مذہب کے حساس نوعیت کے مقدمات میں بے گناہوں کو بچانے اور قانون کے غلط استعمال کی روک تھام کے لیے تحقیقاتی کمیشن قائم کیا جائے۔ عدالتی حکم کے مطابق، وفاقی حکومت کی جانب سے تشکیل دیا گیا کمیشن اپنی کارروائی 4 ماہ میں مکمل کرے گا، تاہم اگر کمیشن کو مزید وقت درکار ہو تو وہ اس کے لیے عدالت سے رجوع کر سکتا ہے۔

بقیہ 49

پی ڈی اے محمد الیاس اور دیگر ملازمین نے شرکت کی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ پی ڈی اے راولاکوٹ کے ملازمین کے حوالے سے کئی بار انتظامیہ سے اور ذمہ داران سے مذاکرات ہوئے لیکن کوئی عمل در آمد نہیں ہوا۔ طے شدہ معاملات پر عمل کیا جائے اور ملازمین کی نوکری کو پی ڈی اے کے مستقل طور پر بحال کیا جائے۔ ملازمین پی ڈی اے کی تنخواہوں کا فوری اہتمام کیا جائے۔ ادارہ کو مستحکم کیا جائے اور اس کے مسائل فوری حل کیے جائیں۔ پی ڈی اے کا ادارہ ایک عرصے سے مالی اور انتظامی مشکلات کا شکار ہے۔ بار بار ہڑتالوں کے باوجود اس کے مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل نہیں کیا جا رہا۔ پی ڈی اے ملازمین کے مطالبات واضح اور جائز ہیں۔ ملازمین پی ڈی اے کی تنخواہوں کا باقاعدہ اجراء کیا جائے۔ پی ڈی اے ملازمین کی ریٹائرمنٹ پر پنشن کمیوٹیشن اور دوسری مراعات کا اہتمام کیا جائے۔ ملازمین کی ترقیاں کے کیسز اور دیگر معاملات کو یکسو کیا جائے اور ادارہ کی چھ ماہ کی تنخواہوں کا فوری انتظام کیا جائے۔ ضلع باغ میں پراجیکٹ منیجر راشد بیگ نے ملازم اشتیاق خواجہ کو تشدد کا نشانہ بنایا، اس پر کارروائی کوئی نہ کی گئی ہے۔ اس حوالے سے ملوث لوگوں کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے اور متاثرہ ملازم کو انصاف مہیا کیا جائے۔ محکمہ خوراک کے ضلع پونچھ کے ضلعی آفس کو باقاعدہ کیا جائے۔ کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کیا جائے اور ادارے کے جملہ مسائل کو بھی حل کیا جائے اور شہداء کے بچوں کو کوٹے پر بھرتی کیا جائے۔ محکمہ صحت کے میڈیکل ٹیکنالوجی کے ملازمین کی ایک منعقدہ میٹنگ میں بھی یہ مطالبات پیش کیے گئے۔ ان کے مطالبات کو پورا کیا جائے۔ 18 جولائی کو احتجاج کیا جائے گا اور ضلع پونچھ میں بھی مطالبات پورے نہ ہونے کی صورت میں سخت احتجاج کیا جائے گا

بقیہ 50

وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے چینی حکومت اور عوام کا پرتپاک میزبانی پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایس سی او کے فریم ورک کے اندر علاقائی تعاون کے لیے کوششوں اور ایس سی او کی قیادت میں اس کے فعال کردار کو سراہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ عالمی نظام گہرے بحران سے گزر رہا ہے اور ایسے وقت میں ایس سی او ایک مستحکم قوت کے طور پر ابھرا ہے۔ انہوں نے اقوام متحدہ چارٹر، ایس سی او اور بین الاقوامی قانون کے اصولوں کی مکمل پاسداری کا اعادہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان جارحیت، مداخلت اور طاقت کے استعمال یا اس کی دھمکی کے خلاف ہے اور خطے میں کسی بھی ملک کی یکطرفہ عسکری بالادستی کا مخالف ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ مسائل کے حل کے لیے بات چیت، انصاف اور بین الاقوامی قانون کے مطابق پرامن طریقے اپنانے پر زور دیتے ہیں۔ وزیر خارجہ نے ایران پر اسرائیلی جارحیت اور امریکی حملوں کو غیر قانونی اور ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے ان کی شدید مذمت کی۔ انہوں نے غزہ میں اسرائیلی مظالم کو بین الاقوامی اصولوں اور انسانیت کے خلاف قرار دیتے ہوئے فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا۔ اسحاق ڈار نے مسئلہ فلسطین کے دو ریاستی حل کی حمایت کی

بقیہ 51

کرتے ہوئے کی۔ علیمہ خان نے کہا کہ بانی نے آج دو پیغامات دیے ہیں اور کہا ہے ان کے ساتھ اور بشریٰ بی بی کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے، میرے ٹی وی اور اخبارات بند کیے ہوئے ہیں، سپرنٹنڈنٹ جیل اور کرنل صاحب نے انسانی حقوق ختم کیے ہوئے ہیں میرے ساتھ ہونے والے سلوک کا حساب ہونا چاہیے، یہ سب ایک شخص کے کہنے پر کیا جا رہا ہے۔ علیمہ خان کے مطابق عمران خان نے کہا کہ لاہور اجلاس کو لے کر پارٹی میں اختلاف جان بوجھ کر پیدا کیا جا رہا ہے، ذاتی اختلافات ختم کریں اور سارا فوکس تحریک پر رکھیں۔ تمام پارلیمنٹیرینز کے لاہور کے جانے پر خوشی ہوئی، جو اختلاف پیدا کرے گا پارٹی میں اس کو میں خود دیکھوں گا، ہم جیلوں میں بیٹھے ہیں آپ اختلافات پیدا کر رہے ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ ہم دو سال سے جیل میں آ رہے ہیں، ہماری فیملی پارٹی کے فیصلوں کے ساتھ کھڑی ہے، ہماری فیملی چاہتی ہے بانی کے پیغامات پر عملدرآمد ہو، ہمیں اب راستہ ملنا ہے بانی کی رہائی کا، سپرنٹنڈنٹ جیل بانی کے ساتھ غیر انسانی سلوک کر رہے ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ بانی کا مطلب یہ ہے کہ پارلیمنٹیرینز کو فیصلہ کرنا ہے سیاست میں رہنا ہے کہ نہیں، مذاکرات کس بات پر کرنے ہیں بانی کے کیسز ختم ہونے کی بات ختم ہو جائے گی۔ پی ٹی آئی لیڈر ملک احمد خان بھچر نے کہا کہ لاہور میں پانچ اگست تک ہماری تحریک چلتی رہے گی، 26 ارکان اسمبلی کے حوالے سے اسپیکر صاحب سے ملاقات ہوئی ہے

بقیہ 52

پلانٹ میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ لگ گئی۔ آگ پر بروقت قابو پا لیا گیا جس سے کسی بڑے نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا۔ وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی خالد حسین مگسی فوری طور پر موقع پر پہنچے، صورتحال کا جائزہ لیا اور ہدایت دی کہ احتیاطی تدابیر کے طور پر پوری عمارت کو فوری طور پر خالی کرایا جائے۔

بقیہ 53

کی جیلوں کا بلدیاتی عہدیداران بلا تاخیر کیے۔ اپوزیشن لیڈر خواجہ فاروق احمد نے جیلوں بالا میں پی ٹی آئی آزاد کشمیر کے مرکزی نائب صدر سید ذیشان حیدر کاظمی کے ہمراہ پی ٹی آئی جہلم ویلی کے عہدیداران و کارکنان سے ملاقاتیں کیں۔ حال ہی میں وفات پانے والے کارکنان و دیگر کے گھروں میں جا کر تعزیت و دعائے مغفرت کی۔ اس موقع پر پی ٹی آئی جہلم ویلی کے رکن تصور نقوی، سٹی چیف آرگنائزر وقار شیخ، ایڈووکیٹ شاہد ہمدانی، یوتھ ونگ کے رہنما سرمد روشن اعوان، آئی ایس ایف رہنما حمزہ میر، سٹی سیکرٹری اطلاعات ناصر اعوان، خاور رزاق عباسی، ثقافت خان، منصور ہمدانی، شجاعت ہمدانی، عدنان خان اور دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر خواجہ فاروق احمد نے کہا کہ 26 جولائی کو مظفرآباد میں پی ٹی آئی آزاد کشمیر کا مشترکہ اجلاس منعقد کیا جا رہا ہے، جس میں عمران خان کی رہائی کے لیے جاری احتجاجی تحریک کے آخری مرحلوں کی جامع حکمت عملی طے کی جائے گی۔ عمران خان گزشتہ دو سال سے بے گناہی کی حالت میں قید ہیں، ریاست جموں و کشمیر کے دونوں اطراف کے کشمیری عوام انہیں اپنا نجات دہندہ اور امید کی آخری کرن سمجھتے ہیں۔ ایک باوقار، خودمختار اور مستحکم پاکستان ہی کشمیر کی آزادی کا ضامن بن سکتا ہے

بقیہ 54

پاکستان ریپبلک پارٹی رکھا گیا ہے۔ ریحام خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کی جماعت حکمرانوں کا احتساب کرے گی اور عوامی آواز بن کر ہر فورم پر مسائل اٹھائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان ریپبلک پارٹی کا مقصد صرف اقتدار کا حصول نہیں بلکہ عوامی فلاح، شفافیت اور انصاف کے لیے جدوجہد ہے۔ ریحام خان نے مزید کہا کہ ملک کے موجودہ سیاسی نظام میں عام شہری کی آواز دبائی جاتی ہے، لیکن ان کی جماعت ہر نظر انداز شدہ طبقے کی نمائندگی کرے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کی پارٹی سیاست کو خدمت میں بدلنے کے لیے میدان میں اتری ہے

بقیہ 55

جذبے کے تحت سیاست میں آئے ہیں اور اسی جذبے کے تحت شب و روز محنت کر رہے ہیں۔ سردار عامر الطاف خان نے کہا کہ عوام نے مسلم لیگ (ن) پر اعتماد کیا ہے اور ہم ان کے اعتماد پر پورا اتریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اور پاکستان میں مسلم لیگ (ن) نے مثالی ترقیاتی منصوبے مکمل کیے، انفراسٹرکچر بہتر بنایا، تعلیم و صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کیے اور عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں لائی گئیں۔ اب ہم اسی وژن کے تحت آزاد کشمیر میں بھی تبدیلی لائیں گے۔ ہم نے آزاد کشمیر میں عوام کو سستی بجلی اور گندم ریلیف دلوایا ہے اور مزید بھی کوشش کر رہے ہیں۔ سردار عامر الطاف خان نے کہا کہ ان کی وزارت کے تحت ٹیکنیکل ایجوکیشن کو جدید بنیادوں پر ہم آہنگ کیا جا رہا ہے تاکہ نوجوان ہنرمند بن سکیں اور روزگار کے مواقع حاصل کر سکیں۔ ہمارا ایجنڈا صرف اور صرف عوام کی خدمت ہے۔ ہم نوجوانوں کے لیے جدید فنی تربیت کے ادارے قائم کر رہے ہیں تاکہ وہ نہ صرف کشمیر بلکہ پاکستان اور دنیا بھر میں باعزت روزگار حاصل کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی عوام کے مسائل کو حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولیات کی کمی نے عوام کو پریشان کر رکھا ہے، لیکن مسلم لیگ (ن) کی قیادت اور حکومت ان مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور انہیں حل کرنے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کی جا رہی ہے

بقیہ 56

ہوا ہوگا۔ ہم اس واقعے کی مذمت کرتے ہیں، قابض فورسز کے مکروہ اقدامات شہداء کے مشن کو نہیں روک سکتے۔ اللہ رب العالمین کا شکر ہے ہم آزاد فضاء میں پیدا ہوئے، آزادی اللہ کی طرف سے دیا گیا ایک انمول تحفہ ہے۔ عمر عبداللہ کے ساتھ جو واقعہ ہوا اس طرح کے واقعات آئے روز مقبوضہ کشمیر میں رونما ہوتے ہیں۔ کشمیریوں کی توہین قابض فورسز کا معمول ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں ایک وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اطلاعات آزاد کشمیر پیر محمد مظہر سعید شاہ نے کہا کہ ہم نے آزاد فضاء میں جنم لیا، ہمارے لئے شاید اس کی اہمیت کا اندازہ لگانا مشکل ہے کہ آزادی کتنی بڑی نعمت ہے، مقبوضہ کشمیر کے عوام سے پوچھیں کہ آزادی کی قدر کیا ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام اپنی ہی سرزمین پر آزادی سے سانس نہیں لے سکتے اور وہاں کے ہزاروں نوجوان کئی سالوں سے بھارتی جیلوں میں قید ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان عظیم نعمت خداوندی اور جغرافیائی اعتبار سے انتہائی اہمیت کا حامل ملک ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس آزادی کی نہ صرف خود قدر کریں بلکہ اپنے بچوں کو بھی آزادی کی قدر و قیمت کا درس دیں۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی جدوجہد لازوال ہے، وہاں کے لوگوں نے آزادی کیلئے اپنا سب کچھ قربان کر دیا ہے

بقیہ 57

سفیر اکاماسو شوئی نے اکنامک افیئرز ڈویژن میں دستخط کئے۔ جوائنٹ سیکرٹری اقتصادی امور میراں محی الدین سہروردی اور پاکستان میں تعینات جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے سربراہ ناؤکی میاتا نے سیکرٹری اقتصادی امور اور جاپانی سفیر کی موجودگی میں باضابطہ طور پر معاہدے پر دستخط کئے۔ جاپانی حکومت جائیکا کے ذریعے جے ڈی ایس پروگرام کی مالی معاونت فراہم کر رہی ہے۔ اس سال اس کے تحت پی ایچ ڈی کے لئے 1 جبکہ ماسٹرز ڈگری کے لئے 16 وفاقی سروس کے ملازمین جاپان کی اعلیٰ جامعات میں جائیں گے۔ 2018 سے اب تک 7 پی ایچ ڈی (جن میں تقریباً 17 شرکاء شامل ہیں) اس سکالرشپ سے مستفید ہو چکے ہیں۔ اس اقدام سے نوجوان افسران کی صلاحیت اور کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے جو پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مزید برآں، جاپان اکثر پاکستانی حکومت کے اہلکاروں کو جاپان میں مختلف قلیل مدتی تربیتی کورسز میں شرکت کی دعوت دیتا ہے۔ دستخط کی تقریب کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سیکرٹری وزارت اقتصادی امور ڈاکٹر کاظم نیاز نے جاپانی حکومت اور عوام کا ان کی غیر متزلزل حمایت پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا

بقیہ 58

رکن قومی اسمبلی ثناء اللہ مستی خیل نے مطالبہ کیا کہ کمیٹی میں پارلیمنٹیرینز، جرنیلوں، 22 گریڈ کے آفیسرز اور ججز کی تنخواہوں کے پیکج کی تفصیلات منگوائیں۔ چیئرمین کمیٹی جنید اکبر نے کہا کہ میں نے تو یہ ریکارڈ منگوایا تو صرف سیاستدانوں کا آیا۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کا اجلاس چیئرمین جنید اکبر خان کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ اجلاس میں وزارت منصوبہ بندی و ترقی سے متعلق آڈٹ اعتراضات کا جائزہ لیا گیا۔ فاضل گرانٹ سے 39 ارب زیادہ رقم خرچ کرنے سے متعلق معاملہ پر سوال کرتے ہوئے ریاض فتیانہ نے کہا کہ پی اینڈ ڈی کا اصل مقصد کیا ہے؟ آپ کی منسٹری بالکل نکمی ہو گئی ہے، اس منسٹری کو ویسے ہی بند کر دینا چاہیے، اس کا نام تبدیل کر دیں۔ رکن کمیٹی سینیٹر بلال مندوخیل نے کہا کہ ان کی شارٹ ٹرم پلاننگ ہے نہ لانگ ٹرم پلاننگ ہے، ثناء اللہ مستی خیل نے کہا کہ ان کو اپنی پرفارمنس کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے، یہ بیٹھ کر بیٹھے ہیں۔ کمیٹی نے معاملے کی انکوائری کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی۔ کمیٹی میں گرانٹ سے 22 کروڑ سے زائد رقم کلیم کرنے کا معاملہ زیر بحث آیا۔ کمیٹی نے سیکرٹری پلاننگ کے جواب پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ جنید اکبر خان نے کہا کہ آپ نے کہا وزیراعظم نہیں آئے اور ادائیگی نہیں ہوئی، اس معاملے کی تحقیقات کریں۔ آپ قرضے لیتے ہیں اور سرینڈر کرتے ہیں

بقیہ 59

ہوئے سردار محمد آصف خان چیئرمین ضلع کونسل باغ نے کہا کہ آج ایک اہم اور تاریخی موقع پر تمام ممبران اور دیگر بلدیاتی نمائندگان کو بھی مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ ہم نے اس بلدیاتی نظام کے قیام کے وقت جو عہد اٹھایا تھا آج تک اجتماعی طور پر اس عہد کی پاسداری جاری ہے، تمام ممبران ضلع کونسل کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ جو ہمیشہ ادارے کے وقار اور تقدس کی خاطر اپنا اہم کردار ادا کرتے رہے۔ جمہوری روایات کو فروغ دینے میں ہاؤس کی دونوں اطراف کے ممبران کا شاندار کردار ہے، حالات جو بھی ہوں جمہوریت کا حسن ہے اور اس جمہوری رویے کے ہوتے ہوئے ضلع کونسل باغ آزاد کشمیر بھر میں پہلے نمبر پر ہے۔ پارلیمانی روایات میں بجٹ اجلاس میں شرکت کرنا اور بحث میں حصہ لینا ایک احسن عمل ہے جو اپوزیشن کا حصہ ہے انہوں نے اپنی ذمہ داری بطریق احسن نبھائی ہے اور جو ممبران بجٹ اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے ان کی جائز اور مثبت تجاویز کے لیے میں بذات خود ہر وقت حاضر ہوں۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ سردار تنویر الیاس خان سابق وزیراعظم آزاد کشمیر جن کی بدولت تین دہائیوں کے بعد بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ممکن ہوا جس کے لیے ریاست کا ہر فرد اور بالخصوص منتخب بلدیاتی نمائندگان ان کے شکر گزار ہیں، جیسے جیسے ہم آگے بڑھتے گئے اس میں مزید بہتری آئے گی اور عام آدمی کو اس کا فائدہ پہنچے گا۔ بلدیاتی نمائندگان نے اپنے فرائض کما حقہ ادا کیے ہیں بالخصوص ترقیاتی فنڈز کا استعمال شفافیت، لگن اور شفاف طریقے سے کیا گیا ہے آج ریاست بھر کے چپے چپے پر چھوٹے بڑے منصوبے خود اپنی موجودگی کی گواہی دے رہے ہیں اور یہی بلدیاتی نظام کا خاصہ ہے کہ جہاں ممبران اسمبلی کی نظر نہ پہنچ سکے وہاں لوکل اور وارڈ سطح کے بلدیاتی نظام کے اثرات پہنچ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام کو مزید بہتر طریقے سے ادارے کو چلائیں گے جہاں کی کوتاہیاں رہ گئی ہیں انہیں دور کریں گے جس کے لیے ممبران ضلع کونسل، آفیسران اور ادارہ کے ملازمین کی بھرپور معاونت حاصل کریں گے۔ جن نمائندگان کی دلچسپی کم ہے ان کے حوالے سے بھی فیصلہ کیا ہے کہ مسلسل تین اجلاسوں میں شریک نہ ہونے والے ممبران کو تحت ضابطہ نوٹس جاری کریں گے

بقیہ 60

اکثر نے ریمارکس دیے ہیں کہ یہ نہیں ہو سکتا کہ ہمارے سامنے کھڑے ہو کر جو مرضی کہنا شروع کر دیں، جو نقطہ فیڈرل سروسز ٹریبونل کے سامنے نہیں اٹھایا وہ ہمارے سامنے کیسے اٹھا سکتے ہیں۔ شفافیت کا عنصر بھی ہونا چاہیے۔ جسٹس سید منصور علی شاہ کی سربراہی میں جسٹس عقیل عباسی اور جسٹس عائشہ ملک پر مشتمل 3 رکنی بینچ نے منگل کے روز سپریم کورٹ کے کمرہ عدالت نمبر 9 میں فائنل کاز لسٹ میں شامل 20 نمبر کی سماعت کی۔ بینچ نے ملازمت کی ریگولرائزیشن کے معاملہ پر سریہ بیگم، شاہ سوار، شہزاد روز زمان، راحیلہ کنڈی اور نوید اختر کی جانب سے حکومت خیبر پختونخوا، سیکرٹری سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے، پشاور اور دیگر کے خلاف دائر نظرثانی درخواستوں پر سماعت کی۔ جسٹس سید منصور علی شاہ کا کہنا تھا کہ ہم نظرثانی درخواست میں نیا نقطہ لینے کی اجازت نہیں دیتے۔ بینچ نے درخواستیں ناقابل سماعت قرار دیتے ہوئے خارج کر دیں۔ جبکہ بینچ نے ملازمت میں بحالی کے معاملہ پر اعجاز اسلم، شاہد اللہ، ندیم حسین، افتخار احمد، سرفراز علی اور دیگر کی جانب سے دائر 14 نظرثانی درخواستوں پر سماعت کی۔

بقیہ 61

سردار قمر الزمان خان نے سردار میر اکبر پر دھاندلی کا الزام لگاتے ہوئے اس الیکشن کو چیلنج کیا تھا۔ گزشتہ روز وکلا کے دلائل مکمل ہونے پر الیکشن ٹریبونل نے فیصلہ محفوظ کیا۔ مارچ 2025 میں آزاد کشمیر ہائیکورٹ نے الیکشن ٹریبونل کو دو ماہ میں فیصلہ کرنے کا حکم دیا تھا۔ یاد رہے کہ 2021 کے انتخابات میں سردار قمر الزمان خان اور سردار میر اکبر کے مابین کانٹے کا مقابلہ ہوا تھا، کچھ پولنگ سٹیشن پر بیلٹ جلائے گئے تھے جس پر دوبارہ پولنگ بھی ہوئی تھی۔ دوبارہ پولنگ پر سردار قمر الزمان خان سردار میر اکبر سے صرف 29 ووٹوں سے ہارے تھے۔ دھاندلی کا الزام ثابت ہوا تو سردار میر اکبر کو نااہلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور حلقہ میں دوبارہ الیکشن ہو سکتا ہے یا پٹیشنر سردار قمر الزمان خان کو بھی کامیاب قرار دیا جا سکتا ہے۔ دوبارہ الیکشن پر سابق وزیراعظم سردار تنویر الیاس حلقہ سے الیکشن لڑ کر دوبارہ اسمبلی میں آ سکتے ہیں۔

بقیہ 62

ندیم کا چیک اپ کیا۔ ڈاکٹر علی باجوہ کا کہنا ہے کہ ارشد ندیم کی انجری کی ٹریٹمنٹ کے حوالے سے یہاں آئے ہیں، وہ سرجری کے بعد ہدایات پر عمل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ دعا کریں کہ ارشد ندیم کا علاج اچھا ہو اور وہ دوبارہ مقابلوں میں حصہ لیں۔ ڈاکٹر علی باجوہ کا کہنا تھا کہ ارشد ندیم کو دوبارہ مقابلوں میں حصہ لینے میں ٹائم لگے گا اور امید ہے کہ ارشد ندیم جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔

بقیہ 63

کارکنان کا استحصال کیا جا رہا ہے، کارکنان مسلم لیگ ن اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کریں، قیادت اور پارلیمانی پارٹی کے فیصلے کے ہم سب پابند ہیں، جس کو بھی ٹکٹ ملا اس کی غیر مشروط حمایت کریں گے۔ ہمارا ہر کارکن بھی جماعت کا اثاثہ ہے، مسلم لیگ ن تعمیر و ترقی کی ضامن جماعت ہے۔ ان خیالات کا اظہار بزرگ لیگی رہنما و سابق سینئر وزیر حکومت راجہ محمد عبدالقیوم خان نے عوامی وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں دوتہائی اکثریت، تیرہویں ترمیم میں مالی خود مختاری قائد پاکستان میاں محمد نواز شریف کا ویژن ہے، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان کی قیادت میں 2016 تا 2021 مسلم لیگ ن کی حکومت نے بھی بے شمار میگا پروجیکٹس، ختم نبوت و دیگر اہم عوامی اقدامات کیے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن انشاء اللہ ایک بار پھر دو تہائی اکثریت حاصل کرے گی اب کوئی نہیں روک سکتا، ہم کسی صورت کارکنوں کو مایوس نہیں کریں گے، تمام کارکن قابل عزت اور قابل تکریم ہیں، انشاءاللہ کارکنوں کی عزت نفس پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، مسلم لیگ ن کا ٹکٹ جیت کا نشان ہوگا

بقیہ 64

ایک جائزہ رپورٹ بعنوان پاکستان کا ڈیجیٹل ایکو سسٹم گزشتہ روز جاری کی گئی۔ رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ ملک میں ڈیجیٹل انفراسٹرکچر پر بھاری اور غیر مستقل ٹیکس غیر ملکی سرمایہ کاری، ترقی اور ڈیجیٹل خدمات کے پھیلاؤ کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو زیادہ ٹیکسیشن سے بڑا چیلنج درپیش ہے، اس شعبے پر وفاقی اور صوبائی سطح پر عائد ٹیکس دنیا اور خطے میں سب سے زیادہ ہیں اور ٹیکس پالیسیاں عام طور پر مستقل نہیں رہتیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ سروس فراہم کرنے کی لاگت اسپیکٹرم کی قیمت مزید بڑھا دیتی ہے، خاص طور پر خواتین اور پسماندہ طبقات کے لیے، جو انٹرنیٹ تک رسائی میں غیر متوازن مالی اور ثقافتی رکاوٹوں کا سامنا کرتے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کا ٹیلی کام سیکٹر آمدنی اور غیر ملکی سرمایہ کاری میں کمی کا شکار ہے، جو ایک مشکل کاروباری ماحول کی عکاسی کرتا ہے۔ رپورٹ میں زور دیا گیا ہے کہ حکومت کو سرمایہ کاروں اور صنعت کے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مسلسل بات چیت پر توجہ دینی چاہیے تاکہ پاکستان کے خدشات دور کیے جا سکیں۔

بقیہ 65

(ن) لیگ اور جے یو آئی (ف) میں ٹاس ہوگا۔ خیبر پختونخوا اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کو 9، جمعیت علمائے اسلام (ف) کو 9، پیپلز پارٹی کو 5، پاکستان تحریک انصاف پارلیمنٹیرینز (پی ٹی آئی پی) اور عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) کو ایک ایک اضافی نشست ملی۔ مسلم لیگ (ن) کو خیبرپختونخوا اسمبلی میں خواتین کی نشست بھی مل گئی، جبکہ مخصوص خواتین کی نشست پر اے این پی اور پی ٹی آئی پی کے مابین ٹاس ہوگا۔ الیکشن کمیشن نے آزاد رکن طارق اعوان کی (ن) لیگ میں شمولیت کو تسلیم کر لیا اور جنرل نشستوں پر ایک اضافی مخصوص نشست دینے کی پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز اور عوامی نیشنل پارٹی کی درخواستوں کو مسترد کر دیا۔ فیصلے میں لکھا گیا ہے کہ ضمنی انتخاب میں حاصل نشست کو مخصوص نشستوں کے کوٹے کیلئے شمار نہیں کیا جا سکتا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز الیکشن کمیشن نے خیبرپختونخوا اسمبلی کی مخصوص نشستوں کی تقسیم کے کیس پر فریقین کے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا تھا۔ چیف الیکشن کمشنر کی سربراہی میں 5 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی تھی، اس دوران 5 سیاسی جماعتوں اور 12 امیدواروں نے موقف پیش کیا تھا